Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 ہفتہ، 11 نومبر 2023ء، 26 ربیع الثانی 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 190

غزہ میں انسانی المیہ جنم لے رہا ہے، نگران وزیر اعظم

جاری تباہ کن صورتحال کے اثرات دوررس ہوں گے

غزہ میں جاری تباہ کن صورتحال کے اثرات دوررس ہونگے، پاکستان ہمیشہ سیاسی اور سفارتی محاذ پر کشمیریوں کے ساتھ کھڑا ہے، بھارت کے ساتھ ہماری ایک تاریخ ہے

ہم نے بھارت کے خلاف چار جنگیں لڑی ہیں، کشمیر بھارت اور پاکستان کے درمیان ایک غیر معمولی تنازع ہے، پاکستان کا اصولی موقف مسئلہ کشمیر کا یو این قراردادوں کے مطابق حل ہے، انٹرویو

اسلام آباد(اے ایف پی) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ غزہ میں ایک انسانی المیہ جنم لے رہا ہے، اس جاری تباہ کن صورتحال کے اثرات دوررس ہوں گے ۔غزہ میں جاری تنازع خطے سے باہر پھیل سکتا ہے، دنیا کے کسی ملک نے غیر قانونی ہجرت کی حمایت نہیں کی، افغانستان کے ساتھ سرحد پر قانونی نقل وحمل کے لیے کوشاں ہیں۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے تاشقند میں (بقیہ نمبر 1)

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ ٹیکسٹائل اینڈ فیشن ڈیزائننگ ڈیپارٹمنٹ کے طلباء وطالبات کے فائنل ایئر تھیسس نمائش کا افتتاح کررہے ہیں

بارش سے موسم سرد ہو گیا، مری، ناران، کاغان میں برف باری

بجلی کا نظام بھی متاثر، بارش سے فضائی آلودگی میں نمایاں کمی ریکارڈ

بارش کی وجہ سے اسلام آباد ائیر پورٹ کی چھت ٹپکنے لگی، مسافروں کو مشکلات کا سامنا

لاہور /اسلام آباد /پشاور (این این آئی)لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں گرج چمک کے ساتھ ہونے والی بارش کے بعد سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا تاہم فضائی آلودگی میں واضح کمی ریکارڈ کی گئی، مری اور خیبر پختونخواہ کے سیاحتی مقام(بقیہ نمبر 2)

سائلین کو دہلیز پر انصاف کی فراہمی کا خواب پورا

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے دور دراز سے آنے والے سائلین کے کیس ان کے قریبی بنچ میں منتقل کرنے کی منظوری دے دی

لاہور(این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس محمد امیر بھٹی نے سائلین کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کا خواب پورا کردیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں انصاف کے حصول کے لیے دور دراز سے آنے والے سائلین (بقیہ نمبر 9)

آئی ایم ایف کا ایف بی آر سے نئے ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ

ریٹیلرز پر ٹیکس عائد کرنے کیلئے اسکیم متعارف کرانے کے اختیارات ایف بی آر کے پاس ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے ریٹیلرز، ایگریکلچر، ریئل اسٹیٹ پر ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریٹیلرز پر ٹیکس عائد کرنے کیلئے اسکیم متعارف کرانے کے اختیارات ایف بی آر کے پاس(بقیہ نمبر 8)

غزہ میں امن کیلئے اقوام متحدہ کردار ادا کرے، ممتاز زہرا بلوچ

ملٹری آپریشن میں ٹیکٹیکل وقفے انسانی امداد کے غزہ رسائی میں مددگار ثابت نہیں ہو سکتے

اسلام آباد(اے ایف پی) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ غزہ میں امن کیلئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو کردار ادا کرنا چاہیے، پاکستان نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی ظلم کی مذمت کرتا ہے۔ اقوام متحدہ سلامتی کونسل(بقیہ نمبر 3)

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ ڈپٹی گورنر ریاض محمد بن عبدالرحمٰن عبدالعزیز ملاقات کررہے ہیں

منی لانڈرنگ کے خاتمے کے لیے ایف بی آر کی استعداد بڑھائی جائے آئی ایم ایف مشن

مشکوک ٹرانزیکشن کیخلاف ایکشن کا مطالبہ

ایف بی آر، اسٹیٹ بینک اور آئی ایم ایف کے درمیان رواں مالی سال کے آئندہ آٹھ ماہ میں ٹیکس وصولی پلان، اینٹی منی لانڈرنگ اور مشکوک ٹرانزیکشنز پر مذاکرات جاری ہیں

ایف بی آر نے ہر سیکٹر سے سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، کسٹمز اور ایکسائز کی مکمل تفصیلات فراہم کردی ہیں، مقدمات میں پھنسے ٹیکس وصولی کے طریقہ کار پر بھی اتفاق ہونے کا امکان ہے، ذرائع

اسلام آباد(پیپنا نیوز) آئی ایم ایف نے پاکستان سے درآمدات کی آڑ میں منی لانڈرنگ اور مشکوک ٹرانزیکشنز کے خلاف سخت پالیسی بنانے کا مطالبہ کردیا ساتھ ہی آئی ایم ایف نے مشکوک ٹرانزیکشنز پر سزائیں مزید سخت کرنے کی تجویز بھی دے دی۔ ایف بی آر، اسٹیٹ بینک اور آئی ایم ایف کے درمیان رواں مالی سال کے آئندہ آٹھ ماہ میں ٹیکس وصولی پلان، اینٹی منی لانڈرنگ اور مشکوک ٹرانزیکشنز پر مذاکرات جاری ہیں جن میں ایف بی آر نے ہر سیکٹر سے سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، کسٹمز اور ایکسائز کی مکمل تفصیلات فراہم کردی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مقدمات میں پھنسے ٹیکس وصولی کے طریقہ کار پر بھی اتفاق ہونے کا امکان ہے جب کہ ایف بی آر نے جنوری سے ریٹیلرز کو ٹیکس (بقیہ نمبر 10)

نواز شریف کی ضبط شدہ جائیداد اور اثاثے واپس کرنے کا حکم

احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے نواز شریف کی جائیداد واپسی کے احکامات جاری کیے

اسلام آباد(آئی آئی پی) توشہ خانہ ریفرنس میں اہم پیش رفت، احتساب عدالت اسلام آباد نے مسلم لیگ ن کے قائد اور سابق وزیراعظم نواز شریف کی ضبط شدہ جائیداد اور اثاثے واپس کرنے کا حکم دے دیا۔ احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے نواز شریف کی جائیداد واپسی کے احکامات جاری کیے ۔احتساب عدالت نے سابق (بقیہ نمبر 4)

سائفر کیس: استغاثہ کے گواہوں کے بیانات قلمبند نہ ہو سکے، سماعت ملتوی

اسلام آباد (اے ایف پی) چیئرمین پی ٹی آئی اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کے خلاف سائفر کیس کی سماعت میں استغاثہ کے تین گواہوں کے بیانات قلمبند نہ ہو سکے۔ آفیشل سیکریٹ ایکٹ سے متعلق (بقیہ نمبر 5)

وزیر اعلیٰ محسن نقوی کا علی الصبح عالمی تبلیغی اجتماع رائیونڈ کا دورہ

اجتماع کے انتظامات اور فراہم کردہ سہولتوں کا جائزہ لیا، اجتماع کی موثر مانیٹرنگ کیلئے کیمرے نصب

اضافی پٹرولنگ پولیس تعینات، ٹریفک وارڈنز کی تعداد میں اضافہ، پوری ٹیم مل کر کام کر رہی ہے، محسن نقوی

لاہور(این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے علی الصبح سالانہ عالمی تبلیغی اجتماع رائیونڈ کا دورہ کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے عالمی تبلیغی جماعت کے علماء کرام واکابرین مولانا احمد لاٹ، میاں احسن، امتیاز غنی، انوار غنی، مولوی عامر اور دیگر سے ملاقات کی اور اجتماع کے انتظامات کے بارے میں بات چیت کی گئی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے سالانہ عالمی تبلیغی اجتماع رائیونڈ کے انتظامات اور فراہم کردہ سہولتوں کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے سی سی پی او اور کمشنر و ڈی جی ایل ڈی اے کو انتظامات کے حوالے سے ضروری ہدایات دیں۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ اجتماع کی موثر مانیٹرنگ کیلئے کیمرے نصب کئے گئے ہیں اور اضافی پٹرولنگ پولیس تعینات کی گئی ہے۔ ٹریفک کی روانی (بقیہ نمبر 6)

نگران وزیر ثقافت جمال شاہ مزار قائد پر میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی مہنگی ہونے کا امکان

ڈسکوز نے صارفین پر 22ارب 56 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ منتقل کرنے کی درخواست کر رکھی ہے

حکومتی گائیڈ لائنز کے تحت جولائی تا ستمبر کی ایڈجسٹمنٹ کا یکساں ٹیرف رکھا جائے گا، نیپرا

اسلام آباد(آئی آئی پی) رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کی مد میں کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسکوز نے صارفین پر 22ارب 56 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ منتقل کرنے کی درخواست کر رکھی ہے، جس کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا۔ نیپرا نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے لیے نظرِ ثانی نوٹس جاری کر دیا ہے جس(بقیہ نمبر14)

پاک-چین زرعی تعاون پاکستان کی زراعت سے منسلک معیشت کو فروغ دے گا، ڈاکٹر غلام محمد علی

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اور خوازہونگ زرعی یونیورسٹی، عوامی جمہوریہ چین کے مابین زرعی تحقیق میں تعاون کا معاہدہ

ہم پاکستان کے ساتھ مشترکہ زرعی تحقیقی منصوبوں اور زرعی تجارت کو بڑھانے کے خواہاں ہیں، صدر خوازہونگ زرعی یونیورسٹی

Letter of Intention Signing Ceremony
Pakistan Agricultural Research Council
&
چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی این اے آر سی اسلام آباد میں مسٹر لی ژاؤ ہو، صدر خوازہونگ زرعی یونیورسٹی، عوامی جمہوریہ چین کے ساتھ لیٹر آف انٹینشن کا تبادلہ کرتے ہوئے

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) خوازہونگ ایگریکلچرل یونیورسٹی (Huazhong Agricultura (University) اور چائنز اکیڈمی آف ایگریکلچر سائنسز (CAAS)، عوامی جمہوریہ چین کے اعلیٰ سطح کے وفد نے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز، اسلام آباد کا دورہ کیا۔ یہ دونوں ادارے عالمی درجہ بندی میں نمایاں مقام کے حامل ہیں۔ چیئرمین پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل، ڈاکٹر غلام محمد علی نے پاکستان کی زراعت، خوراک اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے میں پی اے آر سی کے کردار کا خلاصہ پیش کیا۔ ڈاکٹر (بقیہ نمبر 7)

کوئی سابق وزیر مشیر یا معاون سرکاری گاڑی گھر لے کر نہیں گیا

مجھ سمیت کابینہ کے اکثر ارکان کے پاس 1800 سی سی کی گاڑیاں ہیں، مرتضی سولنگی

اسلام آباد(آئی آئی پی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات و پارلیمانی امور مرتضی سولنگی نے کہا ہے کہ کوئی سابق وزیر مشیر یا معاون خصوصی سرکاری گاڑی گھر لے کر نہیں گیا۔ جمعہ کو وقفہ سوالات کے دوران سینیٹر زرقہ سہروردی تیمور، شہادت اعوان اور (بقیہ نمبر 11)

خواتین پولیس اہلکاروں کو الیکٹرک سکوٹیاں فراہم کرنے کا فیصلہ

پنجاب پولیس کیلئے 3 کروڑ روپے سے ڈیڑھ سو سکوٹیاں خریدی جائیں گی

لاہور (اے ایف پی) حکومت پنجاب نے فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں خواتین پولیس اہلکاروں کو الیکٹرک سکوٹیاں فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے خواتین پولیس اہلکاروں کو گشت و سرکاری امور کیلئے الیکٹرک سکوٹیاں فراہم کی جائیں گی، پنجاب پولیس کیلئے(بقیہ نمبر 12)

عمران اور شاہ محمود کے وکلا پیش نہ ہوئے، سماعت 14 نومبر تک ملتوی

وکلا صفائی کی عدم دستیابی کے باعث کیس کی سماعت 14 نومبر تک ملتوی ہوگئی ہے

راولپنڈی(این این آئی) سائفر کیس میں چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور وائس چیئرمین پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی کے وکلا پیش نہ ہونے کے باعث گواہان کے بیان ریکارڈ نہ ہو سکے۔ سائفر کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں سیکریٹ عدالت کے(بقیہ نمبر 13)

گیس کے غیر قانونی استعمال پر 109 کنکشن منقطع

گیس چوری کریک ڈاؤن: پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 109 گیس کنکشن منقطع

182 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کئے گئی اور 97لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کر دیئے گئے

کارروائی کے دوران پکڑا گیا غیر قانونی کنکشن

لاہور(نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 109 گیس کنکشن منقطع کردیے، 182 انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کردیے گئے ۔ جبکہ 97لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 07 گھریلو کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 6 کنکشن منقطع کیے گئے جبکہ 79 انڈر بلنگ کیسز کا پروسیس/اندراج کیے گئے اور 1لاکھ 75ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے ۔ بہاولپور میں (بقیہ نمبر 15)

خاندانی منصوبہ بندی کے جدید طریقہ جات
خوشیوں بھری زندگی جئیں، اعتماد کے ساتھ

سدا سلامت رہے یہ بہن بھائیوں کا یہ رشتہ
آئیں اپنی بہنوں کو تعلیم و تربیت کی فراہمی ممکن بنا کر
انہیں روشن مستقبل کی ساری خوشیاں دیں

سیکھیں خوشحالی کا طریقہ
زندگی میں آگے بڑھنے کا سلیقہ

#KHUSHHALIKAAZAM

چھوٹا خاندان خوشحال پاکستان

خوشحالی کی راہیں سجانے کیلئے پُرعزم
محکمہ بہبود آبادی، حکومتِ پنجاب
Population Welfare Department Punjab www.pwd.punjab.gov.pk pwdpunjab

مفت مشورے اور قابلِ بھروسہ سہولیات کے حصول کیلئے
ہیلپ لائن: 1793

SPL-1743

بلوچستان، کانگو وائرس میں مبتلا ایک اور مریض انتقال کر گیا

متاثر شخص کو علاج کے لیے سندھ انسٹیٹیوٹ آف انفیکشیس ڈیزیز اسپتال منتقل کیا گیا تھا

کراچی(آئی آئی پی) ترجمان محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ بلوچستان سے کانگو وائرس میں مبتلا ایک اور مریض کراچی میں انتقال کر گیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سے کراچی علاج کے لئے آنے والا ایک اور 35 سالہ کانگو وائرس کا مریض انتقال کرگیا، متاثر شخص کو علاج کے لیے سندھ انسٹیٹیوٹ آف انفیکشیس ڈیزیز اسپتال منتقل کیا گیا تھا(بقیہ نمبر 16)

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی اور انسپکٹر جنرل پولیس ڈاکٹر عثمان انور اے ایس پی منزہ کرامت کو ایس پی کے عہدے کے رینک لگا رہے ہیں

لاپتہ افراد کا سراغ لگانے کیلئے جدید طریقہ کار اختیار کرنے کا حکم

جے آئی ٹیز اور ٹاسک فورس اجلاس کے باوجود لاپتہ افراد کا سراغ نہیں لگ رہا، سندھ ہائیکورٹ

کراچی (اے ایف پی)سندھ ہائیکورٹ نے لاپتہ افراد کا سراغ لگانے کیلئے جدید طریقہ کار اختیار کرنے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں لڑکی سمیت 4لاپتہ افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ اس موقع پر عدالت کی جانب سے کہا (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، غیر ملکی سیاح خیبر پختونخوا کلچر اینڈ ٹورازم اتھارٹی کے طرف سے منعقدہ لوک میلہ میں ہاتھ سے بنی اشیاء دیکھ رہی ہیں

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ماحولیاتی اور ہیلتھ ایمرجنسی کا نفاذ

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے بند روڈ کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور منصوبے کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ چھٹی کے روز اپنے گھروں میں قیام کریں۔ ماحولیاتی اور ہیلتھ ایمرجنسی کے تحت دفعہ 144 نافذ ہے۔ لوگوں کو غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نہیں آنے دیں گے۔ جتنی ٹریفک کم ہوگی اتنا ہی ماحول بہتر کرنے میں آسانی ہوگی۔ سموگ کے حوالے سے اگلے 4 روز انتہائی اہم ہیں۔ تاجر برادری سے رابطے میں ہیں، تاجر برادری کو دیکھنا چاہیے کہ ٹریفک بھی بند ہوگی اور لوگ بھی سڑکوں پر نہیں ہوں گے۔ تاجر برادری مارکیٹیں بند کرنے کے حوالے سے اعلان بھی کرے گی۔

اس وقت فضائی آلودگی ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے' بالخصوص صوبائی دارالحکومت لاہور مسلسل دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار دیا جا رہا ہے۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق لاہور کا فضائی معیار کوالٹی انڈیکس 386 سے زیادہ ریکارڈ کی گئی جو انتہائی خطرناک ہے۔ سموگ کی وجہ سے سکول اور تمام سرکاری و نجی دفاتر بند کر دیئے گئے ہیں۔ اب مارکیٹیں بند کرنے کا بھی عندیہ دیا جا رہا ہے۔ چند روز قبل لاہور ہائیکورٹ کی طرف سے بھی سخت ہدایات جاری کی گئیں کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور فیکٹریوں کو فوراً بند کر دیا جائے تا کہ فضائی آلودگی کے اثرات کو کم کیا جا سکے۔ گزشتہ روز وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے بھی اس عزم کا اعادہ کیا کہ انسداد سموگ پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائیگا۔ یہ حقیقت ہے کہ جب تک آلودگی پھیلانے والی گاڑیوں اور فیکٹریوں کیخلاف کارروائی عمل میں نہیں لائی جاتی' فضائی آلودگی کو کم کرنا ممکن نہیں۔ اس آلودگی کی وجہ سے صوبے بھر میں گلے' سانس اور آنکھوں کی بیماریاں پھیلنے کے خطرات بڑھ گئے ہیں۔ اس لئے اسکے سدباب کیلئے فوری اقدامات کرنا ضروری ہے جس کے تحت حکومتی سطح پر عوام الناس کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا پابند کیا جائے۔ عوام کو بھی چاہیے کہ وہ بلا ضرورت گھروں سے باہر نہ نکلیں' بازاروں اور مارکیٹوں میں جاتے وقت فیس ماسک کا استعمال ضرور کریں' گھر واپس آ کر ہاتھ منہ دھوئیں اور غراروں کو اپنا معمول بنائیں تو فضائی آلودگی کے بداثرات سے کسی حد تک بچا جا سکتا ہے۔

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کا دورہ تاشقند، آذربائیجان کے صدر سے ملاقات

محمود خان

وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے 16ویں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) سربراہی اجلاس میں شرکت کے لئے تاشقند ازبکستان کا سرکاری دورہ کیا۔ وزیراعظم نے سربراہی اجلاس میں ای سی او وژن 2025، تجارت، ٹرانسپورٹ، کنکٹیویٹی، توانائی، سیاحت و اقتصادی ترقی اور پیداواری شعبوں میں علاقائی تعاون کے فروغ کے لئے پاکستان کے عزم سمیت تنظیم کے مستقبل کے کام اور علاقائی روابط اور باہمی خوشحالی کے فروغ کے لئے پاکستان کا وژن پیش کیا، وزیراعظم نے ازبکستان کی قیادت اور دیگر شریک رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی، ای سی او کے بانی رکن کے طور پر پاکستان ای سی او خطے کے روابط اور باہمی خوشحالی کے اہداف کے لئے پرعزم ہے۔ اس موقع پر نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے ازبکستان کے دارالحکومت تاشقند میں اقتصادی تعاون تنظیم کے 16ویں سربراہی اجلاس کے موقع پر جمہوریہ آذربائیجان کے صدر الہام علییف سے ملاقات کی، ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے دوطرفہ تعلقات، تجارت، دفاع اور توانائی کے شعبے میں حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا، وزیراعظم کاکڑ اور صدر علییف نے اسلاموفوبیا اور موسمیاتی تبدیلی سمیت دیگر مشترکہ چیلنجز، علاقائی تعاون اور اجتماعی خوشحالی کو فروغ دینے کیلئے ای سی او کے اہم کردار پر تبادلہ خیال کیا، وزیراعظم نے آذربائیجان ایئر لائن کے پاکستان کیلئے براہ راست فلائٹ آپریشن کے اعلان کا خیر مقدم کیا اور اسے کاروبار، سیاحت اور لوگوں کے درمیان تبادلوں کو بڑھانے کیلئے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا، ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے غزہ میں انسانی بحران اور مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی تازہ ترین صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا، وزیراعظم کاکڑ نے آذربائیجان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت بالخصوص قرہ باغ کے حوالے سے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ یہ امر حقیقی ہے کہ آذربائیجان کنکٹیویٹی پراجیکٹس کے لئے ایک مرکز کے طور پر ابھرا ہے، آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی متحرک قیادت نے جمہوریہ آذربائیجان کو اقتصادی حب میں تبدیل کیا، آذربائیجان نے توانائی کے بڑے منصوبوں کا آغاز کیا، گزشتہ برس پاکستان سے 50 ہزار سے زائد افراد نے آذربائیجان کے سیاحتی دورے کئے، آذربائیجان کی قومی ایئر لائن AZAL کے پاکستان کیلئے فضائی آپریشنز کا آغاز خوش آئند ہے، اس سے دونوں ممالک کے عوام کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں مدد ملے گی۔ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی متحرک قیادت نے جمہوریہ آذربائیجان کو علاقائی اقتصادی حب میں تبدیل کیا اور حال ہی میں آزاد ہونے والے اپنے علاقوں کی ترقی کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ آذربائیجان نے اپنے ان علاقوں میں فضائی اڈے، جدید انفراسٹرکچر تعمیر کیا اور شہروں اور دیہات کو بحال کیا۔ پاکستان اور آذربائیجان کے عوام مشترکہ تاریخی، ثقافتی اور مذہبی رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات قائم ہیں۔ جمہوریہ آذربائیجان اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے درمیان کثیر الجہتی تعلقات حالیہ برسوں میں بڑھتے ہوئے اقتصادی تعاون اور عوام سے عوام کے رابطوں کے ذریعے مزید گہرے اور وسیع ہو رہے ہیں۔ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان حالیہ برسوں کے دوران تجارت میں اضافہ ہوا ہے اور مستقبل قریب میں دوطرفہ تجارت میں مزید تیزی آنے کی توقع ہے۔ آذربائیجان کنکٹیویٹی پراجیکٹس کے لئے ایک مرکز کے طور پر ابھرا ہے جو شمال جنوب اور مشرقی و مغربی ٹرانسپورٹ کوریڈورز کا مرکزی حصہ ہے، جس میں ٹرانس کیسپین انٹرنیشنل روٹ اور باکو۔ تبلیسی۔ قارس ریلوے کمیونیکیشن سسٹم شامل ہیں۔ یہ کنکٹیویٹی کے جامع کوریڈورز ہیں جو پورے خطے کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔ دوسری جانب نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے ازبکستان کے شہر تاشقند میں 16ویں ای سی او سربراہی اجلاس کے موقع پر سیکرٹری جنرل ای سی او خسرو نوزیری سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماں نے تجارت، رابطے اور اقتصادی تعاون کے شعبوں میں تنظیم کی حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا۔ تاشقند میں ہونے والے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انوارالحق کاکڑ نے کہا کہ ای سی او کی 16ویں سربراہی کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کرنا میرے لئے اعزاز ہے، پاکستانی وفد کا والہانہ استقبال کرنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہیں، معصوم بچوں اور خواتین کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، غزہ میں جاری جنگ فوری طور پر بند ہونی چاہیے۔ نگران وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ای سی او ریجن میں مزید سرحدی اور تجارتی راہداریوں کی ضرورت ہے، حکومت پاکستان نے سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے خصوصی کونسل قائم کر رکھی ہے، پاکستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہیں، اقتصادی تعاون تنظیم خطے کی ترقی کیلئے اہم فورم ہے، خطے میں تجارتی سرگرمیوں سے ہی ترقی ممکن ہے، ای سی او ممبر ممالک معدنی وسائل سے مالا مال ہیں، ای سی او ممالک کے درمیان تجارتی راہداریاں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، ای سی او ریجن میں مزید سرحدی اور تجارتی راہداریوں کی ضرورت ہے، حکومت پاکستان نے سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے خصوصی کونسل قائم کر رکھی ہے، پاکستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہیں، پاکستان ای سی او کے دیگر ممالک کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے نگران وزیراعظم نے اجلاس میں اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت کی اور غزہ میں جاری جنگ فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ای سی او ممالک اس کیلئے کردار ادا کریں۔

بشر کامل

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

آج کرہ ارض پر ہر طرف انسان کی آزادی کا بہت زیادہ چرچا ہے گذشتہ پندرہ صدیوں میں دنیا بہت زیادہ تبدیلیوں اور انقلابات سے گزری ہے کیا ان انقلابات سے حضرت انسان حقیقی معنوں میں آزاد ہوا ہے کیا انسانوں میں طبقاتی تضاد دور ہوا ہے کیا دنیا کے کسی خطے میں انسان برابری کی سطح پر آئے ہیں۔ روس کا سوشل کنٹریکٹ انقلاب فرانس امریکہ کی دریافت داس کیپٹل روسی انقلاب چینی انقلاب برطانوی انقلاب دو عالمی جنگیں اقوام متحدہ کی تشکیل ساری دنیا ہر جگہ نام نہاد انقلابوں سے گزری لیکن کیا اِن تمام انقلابات اور تبدیلیوں کے نتیجے میں انسان حقیقی معنوں میں آزاد ہوا گوروں نے سیاہ فاموں کو برابری کا مقام دیا دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کے دعوے دار ہندوستانی حکومت نے نچلی ذات کے ہندوں کو برابری کا مقام دیا صدیوں سے انسان کش نظام تبدیل ہوا کیا طاقتور اور کمزور کے درمیان فاصلے ختم ہوئے تو یقیناً جواب آئے گا نہیں دنیا بھر میں جمہوریت کا مصنوعی ڈنکا بجایا جا رہا ہے کہ عوام کی حکومت عوام کے لیے اور عوام کے ذریعے تو کیا حقیقت میں حقیقی معنوں میں ایسی حکومت کہیں نظر آتی ہے نہیں کیا یہودی لابی مغربی ممالک میں اپنا خفیہ اثر رسوخ نہیں رکھتی کیا امریکہ دوسرے ملکوں سے اپنی مرضی کے فیصلے نہیں کرواتا سچ تو یہ ہے کہ آج بھی اشرافیہ صاحب اقتدار ہے اور کروڑوں انسان ان کے غلام آج اگر مغربی ممالک آزادی کا ڈھونگ رچائے بیٹھے ہیں تو سچ تو یہی ہے کہ آزادی اِس حد تک ضرور ہے انسان کو ہوس کے اخلاقی ضابطے سے آزادی مل گئی ہے اس کی خواہشات کا بے راس گھوڑا برق رفتاری سے دوڑے چلا جا رہا ہے امریکہ بہادر اور اس کے اتحادی ملکوں کو ہر جگہ اپنی من مانی کرنے کی پوری آزادی ہے وہ جس بے دردی سے عالمی امن کو درہم برہم کرتا ہے کوئی اس کو روکنے والا نہیں ہے طاقتور ملکوں کو کمزور ملکوں کی آزادی سلب کرنے کی پوری اجازت ہے آج بھی طاقتور ملک اپنی مرضی کے فیصلے طاقت یا خفیہ معاہدوں سے کمزور ملک میں کرتے نظر آتے ہیں۔ آج بھی قانون جرم دیکھ کر نہیں مجرم دیکھ کر حرکت میں آتا ہے دنیا نام نہاد کئی مصنوعی انقلابوں سے گزر چکی ہے لیکن ہمیں حقیقی انقلاب اور انسان کی آزادی کہیں بھی نظر نہیں آتی یورپ جتنا بھی جانبداری سے کام لے لیکن اسے یہ ماننا ہی ہوگا کہ حقیقی انقلاب وہی تھا جو انسان کامل کے ہاتھوں چودہ صدیاں پہلے برپا ہوا تھا نسلِ انسانی کے سب سے بڑے انسان سید الانبیا ﷺ کے آنے سے لفظ و معنی کے درمیان فاصلے مٹ گئے تمام انسانوں کو ہم رنگ کر دیا گیا حقیقی مساوات سے روشناس کرایا بندہ و آقا کا خاتمہ اہم آزادی تھی صرف ایک خدا کی عبادت۔ انسان کامل نے جس خدائے بزرگ و برتر کا تعارف کرایا وہ زبان و بیان سے پاک ہے مگر وہ تمام زبانوں کو سمجھتا ہے وہ کسی بیان کی احتیاج نہیں رکھتا وہ چینی دری زبان کی مناجات بھی اس طرح سنتا ہے جس طرح اہل عرب کی وہ ایشیا افریقہ والوں کی بھی سمجھتا ہے وہ غزالی و رازی کے عالمانہ نکات بھی جانتا ہے اور کسی گونگے بہرے کے دل و دماغ اور روح کے غلافوں میں لپٹی ہوئی معصوم خواہش بھی وہ تو پودوں درختوں جانوروں پرندوں اور آبی جانوروں کی باتیں بھی خوب سمجھتا ہے وہ اپنی مخلوق کی زبان کے اعتبار سے تقسیم کو پسند نہیں کرتا وہ رب کعبہ نسل اور ذات پات سے آزاد اور پاک ہے اس کے سامنے قریشی و ہاشمی اعلی نسل سے لے کر گنگوا تیلی تک سب برابر ہیں اس کے نزدیک شکل و صورت اور عہدے نہیں بلکہ تقوی کا معیار ہی فضیلت رکھتا ہے اس کے سامنے نسلی درجہ بندی کوئی مقام نہیں رکھتی وہ خدا جو اول و آخر ظاہر باطن حي قیوم ذوالجلال والاکرام جبار قہار رحیم کریم اور رحمٰن ہے وہ زبان و مکان سے پاک ہے وہ کسی اعلی مخصوص جگہ پر نہیں رہتا وہ عرش پر ہی نہیں بلکہ کمزور مظلوم غریب کے دل گداز میں بھی رہتا ہے ضروری نہیں کہ وہ قدسی ملائکہ کی پاکیزہ محفل میں رہے وہ تو کسی یتیم کے شکستہ دل میں بھی موجود ہوتا ہے یہ ضروری نہیں کہ وہ آسمانی بلندیوں سے کبھی اور پر رنگ و نور کے سمندر میں رہے وہ تو کچی بستیوں بے نوا غریبوں مسکینوں کی پستیوں میں بھی خوش رہتا ہے جس طرح وہ طبقوں میں تقسیم یا رہنا پسند نہیں کرتا اِسی طرح وہ اپنی مخلوق کو وطن کی بنا پر زبان رنگ و نسل کی بنا پر ایک دوسرے کا دشمن بننے کی اجازت نہیں دیتا رب کعبہ کے پیغام کو محبوبؐ خدا نے خوب اچھے طریقے سے پھیلایا۔ سرور دو جہاں ﷺ نے اپنی رحمت کے رنگ کو بھی زبان نسل اور وطن سے پاک رکھا چودہ صدیاں پہلے مسجدِ نبوی ﷺ کے کچے دلان میں برپا ہونے والی مجلس اقوام متحدہ کا شاندار عکس پیش کرتی تھی مکے کے مہاجرین مدینے کے انصاری فارس کے سلمان حبش کے بلال روم کے صہیب رسا میں عثمان غنی غربا میں ابوہریرہ۔ اشراف میں عمر و علی اور خانوادہ غلاماں میں سے انس ایک ساتھ اِس طرح محبت پیار میں بیٹھے نظر آتے کہ دیکھنے والا انہیں مختلف رنگوں میں دیکھتا مگر عشقِ رسول ﷺ غلامی رسول ﷺ اور الہی رنگ سب پر اِس طرح غالب ہوتا اِن کی زبان اور وطنیت مختلف تھی مگر مقصدیت میں کوئی اختلاف نہ تھا عقیدہ و ایمان ایک تھا نسل الگ ضرور تھی مگر اصل ایک ہی تھی یعنی اسلام خدا اور رسول یہ اعجاز سرتاج الانبیا ﷺ کو حاصل تھا کہ مسلمان کو اہل بیت میں شامل ہونے کا شرف حاصل ہوا بلال مسجد نبوی ﷺ کے موذن بنے اور صہیب مسجد نبوی ﷺ کے امام بنے پیارے آقا ﷺ کی حقیقی تعلیم اور کردار سازی تھی کہ حضرت بلال کی وفات پر خلیفہ وقت حضرت عمر فاروق اعظمؓ نے تاریخی جملہ بولا جو آپ اکثر بولا کرتے تھے مات سیدنا (ہمارے سردار انتقال کر گئے ہیں) اور غریب پروری کی اعلی مثال دیکھیں ایک بار حضرت ابوبکر صدیق کی کسی بات پر حضرت سلمان فارسی رنجیدہ ہو گئے تو یار غار جب بارگاہِ رسالت ﷺ میں حاضر ہوئے تو شہنشاہِ دو عالم ﷺ نے ان کے سلام کا جواب نہ دیا اور فرمایا سلمان جس سے ناراض ہو جائے تو خدائے رحمان اس سے ناراض ہو جاتا ہے۔ یہ مان شان اور عزت تو قیر یہ منصب خاک نشینوں سوختہ بختوں حبشیوں غلاموں کو کس کے طفیل نصیب ہوا اس آمنہ کے لال درِ یتیم کے صدقے جس نے ہر یتیم کو درِ یتیم بنا دیا یہ آپ ﷺ ہی تھے جنہوں نے غلاموں کو زمانے بھر کا مولا کر دیا۔ یہ آپ ﷺ ہی کا فیض تھا کہ گدائے راہ کسی قیصر و کسری کو نگاہ میں نہیں لاتے صدیوں سے غلامی کے چنگل میں پھنسے غلام بھی سیم و زر کے دام میں بھی پھنسنے کو تیار نہیں تھے افتادگانِ خاک اتنے بے باک ہو گئے کہ غلامی کے سارے پردے چاک کر دیئے خاک نشین اتنے جری اور نڈر بن گئے کہ بادشاہوں کا ہر خوف دل و دماغ سے نکال دیا۔ آج بھی دنیا بھر میں کالی رنگت کو باعث عزت نہیں سمجھا جاتا آج بھی کالی رنگت کی تحقیر کی جاتی ہے آج بھی محروم اور پسماندہ رکھا جاتا دنیا کا یہ ظالمانہ رویہ دیکھ کر مجھے 1991 میں ہیلی فیکس برطانیہ میں میلاد النبی ﷺ کے شاندار جلوس میں سیاہ فام حبشی کی وہ شاندار نعت یاد آ گئی جس نے پوری دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا ایک آزاد نظم جس میں ذوق و وجدان کی پوری دنیا آباد تھی اِس نظم کا مفہوم ایسے تھا۔ زمین و آسمان کے خالق نے انسان کو پیدا کیا اور اس کا مقدر بھی لکھ دیا دولت مند کو آسودگی ملی اور غریب کو فاقہ مستی ایک میں تھا کہ رب نے مجھے کالی رنگت دی اور پھر دنیا کے کسی خطے نے مجھے قبول نہ کیا گوری نے مجھے غلامی کی زنجیریں پہنا دیں اور حقارت سے کہا تم کالے ہو تم صدیوں سے غلام ابنِ غلام ہو میری غلامی کرو میرے مویشی چرا میری زمینوں پر ہل چلا کہ تم محکوم اور غلام ہو اور پھر میں نسل در نسل پستا رہا پھر قدرت کو رحم آیا عرب کے صحرا سے خطہ بے آب ہو گیا وہاں سے ایک پیکر رحمت اٹھا اس نے ہاتھ پھیلا کر مجھے اپنی طرف بلایا کہ آ میں تمہاری زنجیریں توڑنے والا ہوں تمہیں مبارک ہو آج کے بعد کسی گورے کو تم پر کوئی فضیلت نہ ہوگی وہ کون تھا؟ جس نے مجھے اپنی رحمت کے سایہ میں لے لیا محمد ﷺ بلال حبشی کے آقا محمد ﷺ۔

SHOWBIZ شوبز

سیلینا گومز کا تنقید کے بعد غزہ کے مظلوموں کی مدد کا اعلان

ریئر بیوٹی نامی ادارہ ریڈ کراس اور یونیسیف کو عطیات فراہم کرے گا

نیویارک (این این آئی) امریکا کی معروف گلوکارہ سلینا گومز نے تنقید کے بعد غزہ کے مظلوموں کی مدد کے لیے عزم کا اظہار کر دیا۔ غیر ملکی گلوکارہ و اداکارہ سلینا گومز نے اپنے بیوٹی برانڈ 'ریئر بیوٹی' کے ذریعے غزہ میں جاری اسرائیلی بربریت کا نشانہ بننے والے معصوم فلسطینی شہریوں کے لیے امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ریئر بیوٹی کے پیج پر 'غزہ میں انسانی بحران' کے پیغام کے ساتھ طویل پوسٹ شیئر کی گئی ہے۔ مذکورہ پوسٹ میں فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم، یہود دشمنی، اسلاموفوبیا کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔

عائزہ خان نے ''جانِ جہاں'' کو آخری پروجیکٹ قرار دیدیا

انسٹاگرام پر پوسٹ شیئر کرتے ہوئے 'جانِ جہاں' کی ٹیم کا شکریہ بھی ادا کیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف و خوبرو اداکارہ عائزہ خان نے اپنے نئے پروجیکٹ 'جانِ جہاں' کو آخری پروجیکٹ قرار دے کر صارفین کو کشمکش میں مبتلا کر دیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر مبہم اسٹوری شیئر کرتے ہوئے اداکارہ نے اپنے آنے والے پروجیکٹ 'جانِ جہاں' کو اپنا آخری پروجیکٹ قرار دے کر شوبز انڈسٹری کو خیر باد کہنے کا عندیہ دیا تو مداح اور صارفین کشمکش میں مبتلا ہو گئے۔ اس سے قبل عائزہ خان نے انسٹاگرام پر پوسٹ شیئر کرتے ہوئے 'جانِ جہاں' کی ٹیم کا شکریہ بھی ادا کیا۔

اپنی اصلی عمر سے کم عمر کرداروں کی پیشکش ہوتی ہے

اچھی اداکاری کے لیے ہدایت کار نے 'ففٹی شیڈز آف گرے' دیکھنے کا کہا، منیب بٹ

کراچی (سی ایم لنکس) معروف اداکار منیب بٹ نے انکشاف کیا ہے کہ ڈرامے میں اچھی اداکاری کرنے کے لیے انہیں ہدایت کار نے ہولی وڈ کی رومانٹک ہارر فلم 'ففٹی شیڈز آف گرے' دیکھنے کا مشورہ دیا۔ منیب بٹ کا شمار منجھے ہوئے اداکاروں میں ہوتا ہے اور ان کی اداکاری کو بھی سراہا جاتا رہا ہے، عام طور پر انہیں منفی اور پرتشدد رویوں پر مبنی کرداروں میں پسند کیا جاتا ہے۔ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں انہوں نے بتایا کہ عام طور پر انہیں اپنی اصلی عمر سے کم عمر کرداروں کی پیشکش ہوتی ہے، تاہم جلد ہی آنے والے ڈرامے میں وہ خود سے زائد العمر شخص کے روپ میں دکھائی دیں گے۔

بڑے فنکاروں کو بھی تربیت اور مشق کی ضرورت ہے

بیماری کے دوران شاگردوں سمیت کسی نے حال تک نہ پوچھا، ساحر علی بگا

لاہور (این این آئی) معروف گلوکار و موسیقار ساحر علی بگا نے شکوہ کیا ہے کہ بیماری کے دوران شاگردوں سمیت کسی نے حال تک نہ پوچھا۔ ساحر علی بگا نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ کچھ عرصہ قبل جب انہیں ایک طبی پیچیدگی لاحق ہوئی تو ان کے ساتھ کام کرنے والے گلوکاروں اور موسیقاروں سمیت ان کے شاگردوں میں سے کسی نے بھی ان کا حال تک نہ پوچھا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مشکل وقت میں کسی کی ایک فون کال بھی بڑا سہارا بنتی ہے اور احساس ہوتا ہے کہ مصیبت کے وقت کوئی ساتھ کھڑا ہے۔

آسٹریلوی ٹیلی ویژن اسٹار اور گلوکار جانی روفو انتقال کر گئے

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی ٹیلی ویژن اسٹار اور گلوکار جانی روفو 35 سال کی عمر میں انتقال کر گئے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلوی ٹیلی ویژن اسٹار اور گلوکار جانی روفو 35 سال کی عمر میں انتقال کر گئے ہیں جبکہ ان کی موت دماغ کے کینسر کے باعث ہوئی۔ جانی روفو کو دماغی کینسر کی تشخیص 2017 میں ہوئی تھی جس کے بعد انہوں نے آسٹریلیا میں اس مرض بارے فنڈنگ اور آگاہی مہم میں حصہ لیا۔ ٹی وی اسٹار کے اہلخانہ نے ایک بیان میں کہا کہ ان کا انتقال جمعہ کے روز ہوا، انہوں نے آخری وقت تک مرض سے لڑائی لڑی اور انہیں ایک باصلاحیت اور دلکش لڑکے کے طور پر یاد کیا جائے گا۔ روفو مغربی آسٹریلیا کے شہر پرتھ میں پیدا ہوئے تھے۔

پائل گھوش کی محمد شامی کو انوکھی شرط کے ساتھ شادی کی پیشکش

اداکارہ نے ایکس پر محمد شامی کو منفرد انداز میں شادی کی پیشکش کی ہے

ممبئی (این این آئی) آئی سی سی ورلڈ کپ میں بھارتی ٹیم کے فاسٹ بولر محمد شامی کی شاندار پرفارمنس نے اداکارہ پائل گھوش کا دل جیت لیا۔ اداکارہ کی جانب سے بھارتی فاسٹ بالر کو ایک انوکھی شرط رکھتے ہوئے شادی کی پیشکش کی گئی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر معروف اداکارہ اور سیاسی جماعت میں ویمن ونگ کی نائب صدر پائل گھوش نے ایک پوسٹ شیئر کی ہے۔ شیئر کی گئی پوسٹ میں اداکارہ نے محمد شامی کو ٹیگ کرتے ہوئے لکھا کہ 'تم اپنی انگریزی بہتر کر لو تو میں شادی کرنے کو تیار ہوں۔ سال 2014 میں محمد شامی اور معروف ماڈل حسین جہاں رشتہ ازدواج سے منسلک ہوئے تھے۔

ایشا دیول ہیما مالینی کیساتھ اپنے بچپن کی تصویر شیئر کر دی

میرا بائی کا روپ میری والدہ نے دھارا اور میں نے بے بی میرا کا کردار ادا کیا تھا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی اپنے عہد کی ڈریم گرل ہیما مالینی کی بیٹی ایشا دیول نے اپنی والدہ کی ایک پرانی تصویر شیئر کی ہے جس میں وہ خود بھی موجود ہیں۔ ایشا دیول کی جانب سے اتوار کو انسٹاگرام پر شیئر کی گئی اس پرانی تصویر میں وہ خود انکی چھوٹی بہن آہانہ دیول وہرہ اور والدہ سینئر اداکارہ ہیما مالینی نظر آ رہی ہیں، جبکہ تصویر میں ایشا کی آنٹی پرابھا راگیون کو بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ تصویر میرا میں بیلے رقص کی پرفارمنس کے موقع پر بنائی گئی تھی۔ واضح رہے کہ اس میں ہیما مالینی نے میرا بائی کا کردار ادا کیا تھا۔ ایشا کے مطابق وہ اس وقت سات برس کی تھیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ یہ میرے لیے اس لیے خصوصی اہمیت رکھتی ہے کہ ایک سات سالہ بچی اپنی چھوٹی بہن، والدہ اور آنٹی کے ساتھ اسٹیج پر ڈانس بیلے پرفارمنس میں شریک تھے۔

SPORTS سپورٹس

سی این ایس گالف کپ کی اختتامی تقریب اتوار کو ہوگی

نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف انعامات تقسیم کرینگے

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کے زیر اہتمام 16ویں چیف آف نیول اسٹاف ایمچور گالف کپ کی اختتامی تقریب (کل) اتوار کو ہوگی۔ چار روزہ ایونٹ اسلام آباد کے مارگلہ گرینز گالف کلب میں کھیلا جا رہا ہے جس میں چار مختلف کیٹگریز میں دو سو سے زائد گالفرز مدمقابل ہیں۔ ایونٹ کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف ہونگے جو کمانڈر نارتھ کموڈور خان محمود آصف کے ہمراہ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کرینگے۔

پاکستان اپنا نواں اور آخری میچ (آج) انگلینڈ کیخلاف کھیلے گا

سیمی فائنل میں پہنچنے کیلئے پاکستان کو 287 رنز کے مارجن سے کامیابی حاصل کرنی ہوگی

پونے (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام آئی سی سی مینز ورلڈ کپ ٹورنامنٹ کے 13ویں ایڈیشن میں (آج) ہفتہ کو دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ آسٹریلیا اور بنگلہ دیش کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا جو صبح 10 بجے شروع ہوگا، دوسرا میچ پاکستان اور دفاعی چیمپئن انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان دن ایک بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام آئی سی سی مینز ورلڈ کپ ٹورنامنٹ کا 13واں ایڈیشن بھارت میں شروع ہو چکا ہے جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ میگا ایونٹ میں (آج) ہفتہ کو دو میچوں کا فیصلہ ہوگا پہلا میچ آسٹریلیا اور بنگلہ دیش کی ٹیموں کے درمیان مہاراشٹر کرکٹ ایسوسی ایشن سٹیڈیم، پونے میں کھیلا جائے گا جو صبح دس بجے شروع ہوگا۔ دوسرے میچ میں پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیمیں ایڈنز گارڈنز، کولکتہ کے مقام میں آمنے سامنے ہوں گی۔ یہ پاکستان ٹیم کا نواں اور آخری لیگ میچ ہوگا۔ میچ دن ایک بج کر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔ پاکستان کی ٹیم کو میگا ایونٹ کے سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کرنے کے لئے انگلینڈ کو بڑے مارجن سے جیتنا ضروری ہوگا۔ میزبان بھارت، آسٹریلیا اور جنوبی افریقا کی ٹیمیں پہلے ہی میگا ایونٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ چکی ہیں۔ مردوں کے ون ڈے کرکٹ فارمیٹ کا عالمی ٹورنامنٹ ہر چار سال کے بعد ہوتا ہے۔ 2023 کے آئی سی سی مینز ورلڈ کپ میں دنیائے کرکٹ کی 10 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایک دوسرے کے خلاف پنجہ آزما ہیں۔، ٹورنامنٹ کا اختتام 19 نومبر کو ہوگا۔ میگا ایونٹ میں شرکت کرنے والی دس ٹیموں میں میزبان بھارت، عالمی چیمپئن انگلینڈ، پاکستان، افغانستان، آسٹریلیا، بنگلہ دیش، نیدرلینڈز، نیوزی لینڈ، جنوبی افریقا اور سری لنکا شامل ہیں۔ عالمی چیمپئن انگلینڈ نے 2019 کے ورلڈ کپ فائنل میچ میں نیوزی لینڈ کی ٹیم کو شکست دے کر کرکٹ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ عالمی چیمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ آسٹریلوی ٹیم کو سب سے زیادہ 5 مرتبہ ٹائٹل جیتنے کا اعزاز حاصل ہے۔ بھارت اور ویسٹ انڈیز کی ٹیمیں دو، دو مرتبہ ٹائٹل جیت چکی ہیں۔

شاہد آفریدی نے فلموں میں کام نہ کرنے کی وجہ بتا دی

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور معروف کھلاڑی شاہد خان آفریدی نے اداکاری نہ کرنے کی وجوہات سے پردہ اٹھا دیا۔ حال ہی میں شاہد آفریدی نے ایک پوڈکاسٹ شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی نجی زندگی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے آفر کے باوجود اداکاری نہ کرنے کی وجوہات بھی بتائیں۔ میزبان کی جانب سے فلموں کی پیشکش کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ 'مجھے بھارت سے دو یا تین بار فلموں کی پیشکش ہوئی، مجھے پاکستان سے بھی آفرز آئیں۔ ان آفرز کو قبول نہ کرنے سے متعلق آفریدی کا کہنا تھا کہ، 'مجھے لگتا ہے ہمیں وہی کام کرنا چاہیے جو ہم اچھی طرح جانتے ہیں، کسی کو وہ کام نہیں کرنا چاہیے جو اس کے لیے نہیں ہے۔ کرکٹ سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 'میں اپنی کرکٹ کی وجہ سے جانا جاتا ہوں۔،

پاکستان انگلینڈ کیخلاف 400 رنز کرے تو چانس ہے

مینجمنٹ اور کھلاڑیوں میں کمیونیکیشن گیپ ختم ہونا چاہیے، محمد عامر

اسلام آباد (این این آئی) فاسٹ بولر محمد عامر نے کہا ہے کہ پاکستان انگلینڈ کے خلاف 400 رنز کرے تو چانس ہے۔ ایک انٹرویو میں عامر نے کہا کہ انگلینڈ کے خلاف میچ میں پاکستان کو پہلے بیٹنگ کرنی ہوگی۔ محمد عامر نے کہا کہ مینجمنٹ اور کھلاڑیوں میں کمیونیکیشن گیپ ختم ہونا چاہیے۔

ہیری ہیلیوارا اور اینڈریاس میس پر مشتمل سیکنڈ سیڈڈ جوڑی اے ٹی پی موزل اوپن ٹینس مینز ڈبلز سیمی فائنل میں داخل

پیرس (این این آئی) فن لینڈ کے ٹینس کھلاڑی ہیری ہیلیوارا اور ان کے جرمن جوڑی دار اینڈریاس میس پر مشتمل سیکنڈ سیڈڈ جوڑی اے ٹی پی موزل اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے ڈبلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ فاتح جوڑی نے اے ٹی پی موزل اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مینز ڈبلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں یوگو بلانچیٹ اور ان کے ہم وطن جوڑی دار میٹیو مارٹینو پر مشتمل فرانسیسی جوڑی کو شکست دی۔ اے ٹی پی موزل اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ فرانس کے شہر میٹز میں جاری ہیں۔

انگلش پریمیئر لیگ میں (آج) مزید 5 میچز کھیلے جائیں گے

دوسرے میچ میں آرسنل اور برنلے کی ٹیمیں ایمریٹس سٹیڈیم، لندن میں آمنے سامنے ہوں گی

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر لیگ کے 32 ویں سیزن میں (آج) ہفتہ کو مزید 5 میچوں کا فیصلہ ہوگا۔ پہلا میچ وولور ہیمپٹن اور ٹوٹنہم ہاٹ پور کی ٹیموں کے درمیان مولینکس سٹیڈیم، وولور ہیمپٹن میں کھیلا جائے گا، دوسرے میچ میں آرسنل اور برنلے کی ٹیمیں ایمریٹس سٹیڈیم، لندن میں آمنے سامنے ہوں گی، تیسرا میچ کرسٹل پیلس اور ایورٹن کے درمیان سیلہرسٹ پارک، لندن میں کھیلا جائے گا۔ چوتھا میچ مانچسٹر یونائیٹڈ اور لوٹن ٹاؤن کی ٹیموں کے درمیان اولڈ ٹریفورڈ، مانچسٹر میں کھیلا جائے گا۔ جبکہ پانچویں میچ میں بورن ماؤتھ اور نیوکیسل یونائیٹڈ کی ٹیمیں وائٹلٹی سٹیڈیم، بورن ماؤتھ کے مقام پر پنجہ آزمائی کریں گی۔ یہ مجموعی طور پر ٹاپ فلائٹ انگلش فٹ بال کا 125واں ایڈیشن ہے جس کے شیڈول کا اعلان 15 جون 2023 کو کیا گیا تھا۔ مانچسٹر سٹی کی ٹیم ای پی ایل میں اپنے اعزاز کا دفاع کے لئے کوشاں ہے۔

آئی ٹی سروسز سے کاروبار چمکائیں
ہم بنائیں گے آپ کے کاروبار کی ترقی کے لیے
زبردست ویب سائٹ
سوشل میڈیا اکاؤنٹس
ہم کریں گے آپ کے کاروبار کی
ڈیجیٹل مارکیٹنگ
پاکستان بھر میں
وہ بھی انتہائی مناسب دام میں
iTECH CHEFS
Call: 0307-5305908
0316-5256600
www.itechchef.com
info@itechchefs.com

بقیہ 1

ترک نیوز ایجنسی کو ایک انٹرویو میں کہا کہ نگران وزیر اعظم نے پاک ترک تعلقات کو مزید وسعت دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تجارت، زراعت اور دفاع میں تعلقات کو مزید فروغ دیا جاسکتا ہے، پاکستان، ایران اور ترکی کے مابین باہمی ربط کو بہتر کیا جائے گا، باہمی ربط سے پورے خطے میں نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انوارالحق کاکڑ نے کہا کہ تاپی منصوبے پر کام کے لیے پاکستان، ترکی اور افغانستان پرعزم ہیں، منصوبہ بھارت کو سستی اور پائیدار توانائی فراہم کرسکتا ہے، اگر بھارت اس منصوبے سے باہر رہنا چاہتا ہے تو اس کی مرضی ہے، بھارت کے بغیر بھی ترکمانستان کے گیس ذخائر خطے کی اقتصادی ترقی کا باعث بن سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ کشمیر بھارت اور پاکستان کے درمیان ایک غیر معمولی تنازع ہے، پاکستان کا اصولی موقف مسئلہ کشمیر کا یو این قراردادوں کے مطابق حل ہے، کشمیریوں کے پاس اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا ہر حق موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ سیاسی اور سفارتی محاذ پر کشمیریوں کے ساتھ کھڑا ہے، بھارت کے ساتھ ہماری ایک تاریخ ہے، ہم نے بھارت کے خلاف چار جنگیں لڑی ہیں۔

بقیہ 2

وادی ناران اور کاغان میں برفباری ہوئی جس سے سیاحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، بارش کے باعث نشیبی علاقے زیر آب آگئے اور بجلی کا نظام بھی متاثر ہوا، سڑکوں پر پانی جمع ہونے کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں بھی شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کے مختلف علاقوں گڑھی شاہو، ایبٹ روڈ، کینال روڈ، دھرم پورہ، لکشمی چوک، نسبت روڈ، کاہنہ، گجومتہ، فیروز پور روڈ، سانده، کرشن نگر، بند روڈ، اچھرہ، چونگی امر سدھو، کلمہ چوک، برکت مارکیٹ، گلبرگ، گلشن راوی اور دیگر علاقوں میں صبح کے وقت بادل برس پڑے۔ بارش کے بعد لاہور کا کم سے کم درجہ حرارت 15 ڈگری سینٹی گریڈ سے نیچے آ گیا جبکہ زیادہ سے زیادہ 20 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ بارش کے باعث فضائی آلودگی میں بھی نمایاں کمی ہوئی، سموگ کے اثرات سے بچانے میں بارش اہم ثابت ہوئی۔ بارش کے باعث نشیبی علاقے زیر آب آگئے، تیز ہوائیں چلنے سے مختلف علاقوں میں بجلی کا ترسیلی نظام بھی متاثر ہوگیا جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ علاوہ ازیں پاکپتن، پھالیہ، سکھیکی، وزیر آباد، مریدکے، چنیوٹ، اوکاڑہ، ساہیوال، عارف والا، بہاولنگر، نارووال، گوجرہ، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، سانگلہ ہل سمیت دیگر شہروں میں بھی بادل برسے۔ اسلام آباد، راولپنڈی اور گردونواح میں بھی رات گئے موسلا دھار بارش ہوئی جس کے بعد موسم مزید ٹھنڈا ہو گیا جبکہ نشیبی علاقے زیر آب آگئے ہیں، بارش کی وجہ سے بجلی کا نظام بھی متاثر ہوا، سڑکوں پر پانی جمع ہونے کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں بھی شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری جانب ملکہ کوہسار مری میں موسم سرما کی پہلی ہلکی برف باری اور ژالہ باری ہوئی جس نے موسم سرما کی آمد کی نوید سنا دی، برفباری سے مری میں سردی کی شدت بڑھ گئی، برف باری سے سیاحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ ترجمان ٹریفک پولیس مری کے مطابق برفباری کے بعد مری میں سیاحوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے، مری کی تمام سڑکیں ٹریفک کیلئے کھلی ہیں۔ ادھر جڑواں شہروں میں ہونے والی بارش نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ انتظامیہ کی کارکردگی کا پول کھول دیا، بارش کی وجہ سے ایئرپورٹ کی چھت ٹپکنے لگی، ایئرپورٹ پر موجود مسافروں کو چھت ٹپکنے کی وجہ سے شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کے سیاحتی مقام وادی ناران اور کاغان میں بھی برفباری ہوئی ہے، بٹہ کنڈی، جلکھڈ اور لولوسر جھیل پر چار سے چھ انچ تک برفباری ریکارڈ کی گئی، برفباری کے باعث بابوسر ٹاپ جانے والی سڑک بند ہوگئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کاغان ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے کہا کہ بابوسر ٹاپ پر پھنسے سیاحوں کو ریسکیو کرلیا گیا، گٹی داس کے مقام پر بھی برفباری کے باعث پھنسے سیاحوں کو بحفاظت ریسکیو کیا گیا ہے، سیاح برفباری والے علاقوں میں سفر سے گریز کریں۔

بقیہ 3

کو غزہ میں امن کے لیے فوری اقدامات کرنا چاہییں، بطور قابض طاقت اسرائیل کو چوتھے جینوا کنونشن کا احترام کرنا چاہیے، ہم نے امریکہ کا غزہ میں چند گھنٹوں کی جنگ بندی کا بیان دیکھا ہے، ملٹری آپریشن میں ٹیکٹیکل وقفے انسانی امداد کے غزہ رسائی میں مددگار ثابت نہیں ہوسکتے، پاکستان غزہ میں مکمل جنگ بندی کا حامی ہے۔ صحافیوں کو ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے وزیراعظم کے دورہ ازبکستان سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ نگران وزیراعظم نے ازبکستان کا دو روزہ دورہ کیا، نگران وزیراعظم کی جانب سے دو روز قبل پریس کانفرنس میں اس حوالے سے پالیسی بیان دیا گیا۔ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے تاشقند میں 16ویں ای سی او سمٹ میں شرکت کی، انہوں نے او آئی سی کے وژن پر پاکستان کا نقطہ نظر پیش کیا، اجلاس میں خطے کی ترقی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اتفاق کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ فلسطین کے حل پر زور دیا، انہوں نے سمٹ کی سائیڈ لائن پر ازبکستان اور آذربائیجان کے صدور کے ساتھ ملاقاتیں کیں، نگران وزیراعظم آج او آئی سی کے ہنگامی اجلاس میں شرکت کے لیے سعودی عرب روانہ ہوں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے بتایا کہ نگران وزیراعظم کا جمعہ کو پاکستان کی تارکین وطن پر پالیسی پر بیان بہت واضح تھا، نگران وزیراعظم نے کہا کہ ہم بارہا کہہ چکے ہیں ہمیں افغان سرزمین کے پاکستان کے خلاف استعمال پر تحفظات ہیں، ہم بارہا اپنے تحفظات سے افغان عبوری انتظامیہ کو آگاہ کرچکے ہیں۔ پاکستان ایسا ملک ہے جہاں آئین و قوانین، مذہب پر عملدرآمد کی آزادی فراہم کرتے ہیں، پاکستانی قوانین اقلیتوں کو مکمل تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ہفتے کے شروع میں جموں و کشمیر میں ڈوگرا راج، آر ایس ایس کے ہاتھوں کشمیریوں کا قتل عام ہوا، ہم اس واقعہ کے ذمہ داران کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کرتے ہیں، بھارت کشمیریوں کے نا قابل تنسیخ حق خود ارادیت کا احترام کرے، پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 4

وزیراعظم کی جائیداد ضبطگی کے احکامات بھی واپس لے لئے، اشتہاری قرار دینے کے بعد جائیداد ضبطگی کے احکامات اکتوبر 2020 میں جاری کیے گئے تھے۔ عدالت نے نواز شریف کی پراپرٹی، گاڑیاں، بینک اکاؤنٹس بھی واپس کرنے کا حکم دیدیا، نواز شریف کی لاہور میں 1650 کنال سے زائد زرعی اراضی، مرسڈیز، لینڈ کروزر و گاڑیاں ضبط ہوئی تھیں۔

بقیہ 5

سائفر کیس کی سماعت خصوصی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے اڈیالہ جیل میں کی، چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کو عدالت کے سامنے پیش کیا گیا۔ سائفر کیس میں عدالت نے دونوں ملزمان چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی فیملیز کے پانچ پانچ ممبران کو سماعت سننے کی اجازت دے دی۔ شاہ محمود قریشی کی اہلیہ اور بیٹی نے پہلی بار جیل عدالت کی کارروائی دیکھی جبکہ آئندہ تاریخ پر چیئرمین پی ٹی آئی کی فیملی ممبران بھی کمرہ عدالت آئیں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کی بیٹوں سے بات کرانے سے متعلق عدالت نے سپرنٹنڈنٹ جیل کو بلا کر حکم دیا کہ ہفتے میں ایک دن چیئرمین پی ٹی آئی سے بچوں کی گفتگو کرائی جائے۔ سائفر کیس کی سماعت کے دوران لاہور سے وکلا صفائی عدالت پیش نہ ہوسکے جبکہ استغاثہ کے 3 گواہوں کے بیانات بھی قلمبند نہ ہوسکے۔

بقیہ 6

کیلئے ٹریفک وارڈنز کی تعداد میں اضافہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ پولیس، انتظامیہ اور متعلقہ ادارے بہترین کوآرڈینیشن کے ساتھ شاندار انتظامات اور فول پروف سیکورٹی پلان پر عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں۔ اجتماع کے اطراف لائٹس کا مناسب انتظام کیا گیا ہے۔ اجتماع کیلئے بہترین سہولتوں کی فراہمی کیلئے پوری ٹیم مل کر کام کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ تبلیغی جماعت دین اسلام کی تبلیغ کے لئے گراں قدر خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دین کو پھیلانے والے دین اور دنیا دونوں کما رہے ہیں۔ مولانا احمد لاٹ نے عالم اسلام کے اتحاد، دین اسلام کی سربلندی، امن اور استحکام کیلئے دعا کی۔ اکابرین عالمی تبلیغی اجتماع نے کہا کہ اجتماع میں 5 لاکھ لوگوں کی شرکت متوقع ہے۔ پنجاب حکومت نے ہر سطح پر بہترین انتظامات کئے ہیں۔ صوبائی وزیر اوقاف اظفر علی ناصر، سی سی پی او، کمشنر لاہور ڈویژن، سیکرٹری اوقاف اور ڈی آئی جی آپریشنز اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 7

غلام محمد علی نے پاکستان اور چین کے درمیان زرعی تحقیق اور خوراک کے شعبوں میں مشترکہ تحقیق کی اہمیت کے ساتھ ساتھ چینی مہارت اور دونوں ممالک کے باہمی فائدے کے لیے پاکستان کے وافر اور متنوع وسائل سے فائدہ اٹھانے پر زور دیا۔ ڈاکٹر علی نے پاکستان میں پائیدار زراعت کو فروغ دینے اور ہائی ٹیک زرعی تحقیق کو آگے بڑھانے کے لیے چینی یونیورسٹیوں کے ساتھ مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے متعدد سائنسدانوں نے اعلیٰ درجے کے چینی اداروں سے مہارت حاصل کر کے اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنایا ہے۔ مسٹر لی ژاؤہو، صدر (Huazhong Agricultural University) نے یونیورسٹی کی تاریخ اور فعالیت کا ایک جائزہ پیش کیا۔ مسٹر لی نے پی اے آر سی کے ساتھ تعاون کے ممکنہ شعبوں پر بھی روشنی ڈالی، خاص طور پر فصلوں کی جینیاتی بہتری، سبزیوں کی مالیکیولر افزائش اور معیار کی بہتری، جانوروں کی متعدی بیماریاں، اور آبی زراعت کے جینیاتی اضافہ پر توجہ مرکوز کرنے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے جینیاتی تنوع، بائیو ٹیکنالوجی کے تبادلے اور تحفظ میں سائنسی تعاون کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ مسٹر لی نے زرعی ترقی پر باہمی تحقیق کو مضبوط بنانے اور پاکستان کے ساتھ زرعی تجارت کو فروغ دینے کی امید ظاہر کی۔ CAAS کے نمائندے نے یونیورسٹی کے زرعی تحقیقی اقدامات کا ایک جامع جائزہ فراہم کیا جس میں پی اے آر سی اور CAAS کے درمیان پائیدار باہمی تعاون کی کوششوں پر زور دیا گیا، جو زرعی تحقیق کو آگے بڑھانے کے لیے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر پی اے آر سی اور خواز ہونگ زرعی یونیورسٹی کے درمیان لیٹر آف انٹینٹ کا تبادلہ ہوا۔ اس کے بعد وفد نے مختلف تحقیقی سہولیات اور اداروں کا دورہ کیا جن میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار جینومکس اینڈ ایڈوانسڈ بائیو ٹیکنالوجی (NIGAB)، ہارٹیکلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (HRI) اور پلانٹ جینیٹک ریسورسز انسٹی ٹیوٹ (PGRI) شامل ہیں۔ وفد نے مرکز میں جاری تحقیقی اقدامات اور سرگرمیوں کو سراہا۔

بقیہ 8

ہے، ٹیکس کلیکشن میں شارٹ فال ہوا تو ریٹیلرز پر دسمبر کے بعد سے فکسڈ ٹیکس عائد کیا جاسکتا۔ آئی ایم ایف کے ساتھ اقتصادی جائزہ مذاکرات نومبر کی چھٹی کے روز بھی جاری رہے، ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس پالیسی اور ٹیکس ایڈمنسٹریشن کیلئے قائم ٹاسک فورس بارے آئی ایم ایف کو بریفنگ دی گئی، ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے ریٹیلرز، زراعت، رئیل اسٹیٹ پر ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ کر دیا، پاکستانی حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ ریٹیلرز پر ٹیکس عائد کرنے کیلئے اسکیم متعارف کرانے کے اختیارات ایف بی آر کے پاس ہے، اگر ٹیکس کلیکشن میں شارٹ فال ہوا تو ریٹیلرز پر دسمبر کے بعد سے فکسڈ ٹیکس عائد کیا جاسکتا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی جانب سے ایگریکلچر پر ٹیکس کیلئے صوبوں سے مشاورت اور رئیل اسٹیٹ پر ٹیکس عائد کیلئے انفورسمنٹ کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے، آئی ایم ایف مشن نے ٹیکس پالیسی میں ترامیم اور ٹیکس فلاز ختم کرنے کیلئے ایف بی آر کو تجاویز بھی دیں جن سیکٹرز سے ٹیکس وصولی کم ہے وہاں ٹیکس پالیسی مؤثر بنا کر انفورسمنٹ کرنے کی تجویز دی گئی، ایف بی آر نے رواں مالی سال کے اختتام تک ریونیو پروجیکشن رپورٹ آئی ایم ایف کو فراہم کر دی جس پر مشن پرسوں تک جواب دے گا۔

بقیہ 9

کے کیسز ان کے قریبی بنچز میں منتقل کرنے کی منظوری دیدی گئی۔ ضلع میانوالی کے کیسز لاہور ہائیکورٹ کے بجائے راولپنڈی بنچ اور ضلع بھکر کے کیسز ملتان بنچ منتقل کرنے کی منظوری دی گئی ہے، لاہور ہائیکورٹ نے سمری نگران پنجاب حکومت کو ارسال کردی۔ میانوالی سے ساڑھے 6 گھنٹے اور بھکر سے 6 گھنٹے کا سفر کر کے سائلین کو لاہور ہائیکورٹ کی پرنسپل سیٹ پر کیسز دائر کرنے کے لیے آنا پڑتا تھا، وکلا نے دیرینہ مطالبہ پورا ہونے پر چیف جسٹس کے اس اقدام کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ میانوالی سے کیسز راولپنڈی بنچ میں منتقل ہونے پر سائلین کو صرف ایک گھنٹہ 40 منٹ کا سفر کرنا پڑے گا، بھکر سے ملتان کا سفر سائلین اڑھائی گھنٹے میں طے کر کے با آسانی ملتان بنچ میں کیسز دائر کر سکیں گے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی زیر صدارت انتظامی کمیٹی کے اجلاس میں حتمی منظوری دیکر نوٹیفکیشن کے لیے سمری نگران پنجاب حکومت کو ارسال کردی گئی ہے۔

بقیہ 10

نیٹ میں شامل کرنے کا پلان بھی بنایا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے آئی ایم ایف کو رواں مالی سال کے ٹیکس اہداف حاصل کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے جبکہ نگران حکومت نے پروگرام پر مکمل عمل درآمد کی یقین دہانی کروائی ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے درآمدات کی آڑ میں منی لانڈرنگ، مشکوک ٹرانزیکشنز پر سخت پالیسی بنانے کا مطالبہ کیا ہے اور ٹیکس سے استثنیٰ شعبوں میں درآمدات کی آڑ میں منی لانڈرنگ کو روکنے کیلئے ایف بی آر اور اسٹیٹ بینک کے اقدامات ناکافی قرار دیے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف نے دسمبر تک منی لانڈرنگ کو روکنے کیلئے ایف بی آر اور اسٹیٹ بینک کو اقدامات سخت کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے تجویز دی ہے کہ ایف بی آر اور اسٹیٹ بینک ٹیکس کرائم اور مشکوک ٹرانزیکشنز روکنے کیلئے واضح پالیسی بنائیں، مشکوک ٹرانزیکشنز میں اگر منی لانڈرنگ کے عناصر موجود ہیں تو قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے، منی لانڈرنگ میں ملوث عناصر کی چین کو توڑا جائے اور ٹیکس چوری کو روکا جائے۔ آئی ایم ایف مشن نے مطالبہ کیا ہے کہ منی لانڈرنگ کے خاتمے کے لیے ایف بی آر کی استعداد بڑھائی جائے اور انفورسمنٹ کو نظام سخت کرے، آئندہ بجٹ میں مشکوک ٹرانزیکشنز کے لیے مزید سخت سزائیں فنانس بل میں منظور کرائی جائیں۔

بقیہ 11

کامران مرتضیٰ کے سوالات کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت کابینہ کے اکثر ارکان کے پاس 1800 سی سی کی گاڑیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رولز کے تحت غیر معمولی صورتحال میں پرائیویٹ وکلا کی خدمات حاصل کرنا پڑتی ہیں۔ سینیٹر شہادت اعوان نے کہا کہ لا افسران کی تعیناتی کا معاملہ قائمہ کمیٹی کو بھجوایا جائے تاکہ اس پر تفصیلی غور کیا جاسکے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ لا افسران 20، 20 مقدمات میں عدالتوں میں پیش ہوتے ہیں اور ان کو معاوضہ بھی ان کی محنت کے برابر نہیں ملتا۔

بقیہ 12

3 کروڑ روپے سے ڈیڑھ سو سکوٹیاں خریدی جائیں گی، خواتین اہلکاروں کو باقاعدہ تربیت دیکر سکوٹی فراہم کی جائے گی، آن لائن کے مطابق پنجاب پولیس نے سکوٹیاں خریدنے کیلئے فنڈز فراہمی کی سمری حکومت کو بھجوادی، نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے سکوٹیاں خریدنے کیلئے آئی جی پنجاب کو ہدایت کی تھی۔

بقیہ 13

جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کی، چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کمرہ عدالت میں پیش ہوئے تاہم ان کے وکلا دیگر عدالتوں میں مصروف ہونے کے باعث پیش نہ ہو سکے اور جونیئر وکلا کی جانب سے سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کی گئی۔ سائفر کیس میں ایف آئی اے کے اسپیشل پراسیکیوٹر ذوالفقار عباس نقوی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وکلا صفائی نے درخواست کی کہ وہ لاہور میں ہیں، اسموگ کی وجہ سے نہیں آ سکتے، آئندہ سماعت پر 6 گواہان کے بیانات ریکارڈ کریں گے۔ اسپیشل پراسیکیوٹر نے بتایا کہ مجموعی طور پر 28 گواہان ہیں، خیال یہ ہے کہ 26 گواہاں کی بیانات ہوں گے۔ ایف آئی اے کے ایک اور اسپیشل پراسیکیوٹر شاہ خاور نے اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وکلا صفائی کی عدم دستیابی کے باعث کیس کی سماعت 14 نومبر تک ملتوی ہوگئی ہے۔ شاہ خاور ایڈووکیٹ نے بتایا کہ وکلا صفائی کی عدم دستیابی کے باعث گواہان کے بیانات قلمبند نہیں ہوئے، سائفر کیس کی سماعت میں ملزمان کی فیملی کے 5 ممبران کو ملنے کی اجازت مل گئی ہے، آئندہ سماعت پر 6 گواہان کے گواہان کے بیانات قلمبند ہوں گے۔

بقیہ 14

کے مطابق حکومتی گائیڈ لائنز کے تحت جولائی تا ستمبر کی ایڈجسٹمنٹ کا یکساں ٹیرف رکھا جائے گا۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی) نیپرا (کے مطابق جولائی تا ستمبر 2023 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں درخواست نیپرا میں دائر کی گئی ہے، نیپرا پہلی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی درخواست کے حوالے سے 14 نومبر کو سماعت کرے گا۔ کمپنیوں نے کپیسٹی چارجز کی مد میں 12 ارب 12 کروڑ 60 لاکھ روپے وصولی کی اجازت مانگی ہے جبکہ یوز آف سسٹم چارجز کے تحت 10 ارب 24 کروڑ 70 لاکھ روپے وصولی کی درخواست کی گئی ہے۔ آپریشن اینڈ مینٹی ننس کی مد میں 4 ارب 61 کروڑ 70 لاکھ روپے اور نقصانات کی مد میں 6 ارب 61 کروڑ 70 لاکھ روپے وصول کرنے کی درخواست ہے۔

بقیہ 15

کمپریسر کے استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 21 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 گیس کنکشن، کمپریسر کے استعمال پر 2 منقطع کرنے کے علاوہ 45 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے مزید ایک لاکھ 59 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور/کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 39 کنکشن منقطع کیے گئے اور 65 لاکھ 30 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 1 میٹر غیر قانونی استعمال کنکشن منقطع کیا جبکہ 11 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے اور 20 ہزار کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 1 منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران 10 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے۔ شیخوپورہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 25 کنکشن منقطع کیے اور 37 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے ٹیم نے کارروائی کے دوران 29 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔

بقیہ 16

محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ مریض کو آج صبح انتہائی تشویشناک حالت میں اسپتال میں داخل کیا گیا تھا، ڈاکٹرز نے مریض کو وینٹی لیٹر پر منتقل کیا مگر جانبر نہ ہوسکا۔ واضح رہے کہ کوئٹہ کے سول اسپتال کے ڈاکٹروں میں بھی کانگو وائرس کی تصدیق ہوئی جس کے بعد محکمہ صحت سندھ نے ایڈوائزری جاری کی جس میں صوبے کے تمام اسپتالوں کو کانگو وائرس سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کانگو وائرس سے ہر سال بلوچستان میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد نہ صرف متاثر ہوتی ہے بلکہ اس سے ہلاکتیں بھی ہوتی ہیں۔ حالیہ دنوں میں یہ وائرس حکومت بلوچستان کے لیے بہت زیادہ پریشانی اور طبی عملے میں تشویش کا باعث بن گیا اور اس کی وجہ کوئٹہ کانگو وائرس کا اچانک پھیلاؤ ہے، جس سے نہ صرف بلوچستان کے دوسرے بڑے سرکاری اسپتال کے عملے کے لوگ متاثر ہوئے بلکہ ایک نوجوان ڈاکٹر کی موت بھی ہوگئی۔

بقیہ 17

گیا کہ جے آئی ٹیز اور ٹاسک فورس اجلاس کے باوجود لاپتہ افراد کا سراغ نہیں لگ رہا۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپوٹو نے کہا کہ گمشدہ افراد کا سراغ لگانے کے لیے جدید طریقہ کار اختیار کیا جائے، عدالت میں سرکاری وکیل نے جواب دیا کہ لاپتہ لڑکی سمیت دیگر کی تلاش جاری ہے اور رپورٹس جمع کرانے کے لیے مہلت دی جائے۔ وکیل نے کہا کہ ایک شہری کی تلاش کے لیے 16 جے آئی ٹیز اور 4 صوبائی ٹاسک فورس اجلاس ہو چکے ہیں، عدالت میں تفتیشی افسر نے کہا کہ لاپتہ لڑکی کا جن نمبرز سے رابطہ تھا ان کی جانچ جاری ہے۔ عدالت نے دسمبر کے دوسرے ہفتے میں پولیس، محکمہ داخلہ اور وفاقی حکومت سے رپورٹ طلب کر لی جبکہ ملک بھر کے حراستی مراکز میں قید شہریوں کی فہرست بھی طلب کرلی گئی ہے۔

بقیہ 18

باعزت ماں باپ کی بچیاں ہیں اور ان کو محفوظ طریقے سے منزل مقصود تک پہنچانا ہمارے اولین ترجیح اور ذمہ داری ہے لیکن ایسے اوباش لڑکوں کو سمجھانا ایسے ہی جیسے بھینس کے آگے بین بجانا۔ سکول ٹائم جگہ جگہ جتھوں کی شکل میں بیٹھنا موبائل سے غیر اخلاقی استعمال کرنا بیہودہ حرکتیں کرنا یہ بدتہذیب اوباش لڑکوں کی عادات ہیں جنہوں نے طالبات کا سکول کالجز تک پہنچنا اجیرن بنا رکھا ہے۔ اس موقع پر والدین کا یہ بھی کہنا تھا کہ موجودہ ایس ایچ او تھانہ چوآ سیدن شاہ کو وہ تمام اقدامات کرنے چاہیے جو سابق ایس ایچ او وقاص بھٹی نے کر رکھے تھے۔ نکر نکر پہ لوفر اوباش لڑکوں کا فضول میں بیٹھنا چند پولیس اہلکاروں کا سکول ٹائم صبح سویرے اور چھٹی ٹائم چکوال روڈ چوآ سیدن شاہ پر گشت کرنا ضروری بنایا جائے۔ چوآ سیدن شاہ میں سکول کالجز میں باعزت گھرانوں کی طالبات کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ عوامی حلقوں کیطرف سے بھرپور مطالبہ اس سے پہلے کہ معاملات فساد جھگڑے اور خون خرابے تک پہنچ جائیں عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی سی چکوال ڈی پی او چکوال۔ اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ۔ ایس ایچ او چوآ سیدن شاہ۔ چوآ سیدن شاہ شہر کو سیف سٹی بنانے میں وہ تمام اقدامات کریں جن سے عوام کے جان و مال کے ساتھ ساتھ عزتیں بھی محفوظ ہوں اور طالبات پرامن فضا میں سکول کالجز تک پہنچ سکیں

بقیہ 19

جو منشیات ٹول بکس میں چھپا کر اسمگل کرنے کی کوشش کر رہے تھے، شیر شاہ ٹول پلازہ ملتان کے قریب ٹرک کے فیول ٹینک میں چھپائی گئی 202 کلو 800 گرام چرس برآمد کر کے ٹرک سوار دو ملزمان کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا دیگر کارروائی میں ملت چوک فیصل آباد کے قریب کار سے 16 کلو 800 گرام چرس اور 31 کلو 200 گرام افیون برآمد کر کے جھنگ اور فیصل آباد کے رہائشی 2 ملزمان گرفتار کر لیے این ایف نے جی ٹی روڈ، نوشہرہ پر واقع صداقت ہوٹل کے قریب موٹر سائیکل سوار 3 ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضے سے 3 کلو 600 گرام چرس برآمد کرلی۔

بقیہ 20

میں نگران وفاقی وزیر مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ پی آئی اے کی صورتحال ایک دن میں پیدا نہیں ہوئی، سابق حکومت کے دور میں بھی نجکاری کا ایک منصوبہ دیا گیا نگران حکومت اس پر عمل کر رہی ہے، پی آئی اے میں ملازمین کی زیادہ تعداد اور بھرتیوں کا معاملہ بھی صرف کسی ایک حکومت سے متعلق نہیں ہے، حکومت اور پارلیمان کا استحقاق ہے کہ وہ کس طرح کی پالیسی اختیار کرتی ہیں، پی آئی اے کی نجکاری بھی نجکاری کی فہرست میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس او بھی خودمختار ادارہ ہے، وہ بغیر پیسے کے ایندھن کیسے فراہم کرے گا بڑی مشکل سے فنڈز کا انتظام کر کے رکی ہوئی پروازوں کو بحال کرایا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ آئندہ اجلاس میں وفاقی وزیر ہوا بازی اور وفاقی وزیر نجکاری کی موجودگی میں اٹھایا جائے تو وہ بہتر جواب دے سکیں گے۔

بقیہ 21

ملازمت کے نام پر گیارہ لوگوں نے پندرہ لاکھ روپے فی کس وصول کیے۔ ملزم متاثرین سے پیسے بٹورنے کے بعد روپوش ہوگیا تھا، ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 22

سمارٹ کاروں کو فیلڈ میں بھیجنے سے پہلے ڈرائیوروں اور ماہر آپریٹرز کو مناسب ہدایات بھی جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سی پی او سیف سٹی/ٹریفک نے سیف سٹی سمارٹ کارز کا معائنہ کیا، شہریوں کو بہتر سیکورٹی کی فراہمی کے لیے جدید تکنیک سے لیس گاڑیوں کی کارکردگی کو مزید بہتر کرنے کے لئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے جدید کیمروں سے لیس سمارٹ کاروں کو ضلع بھر میں گشت کرنے کیلئے مکمل طور پر فعال بنا دیا، سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے سمارٹ کارز کی کوریج کو براہ راست دیکھا جا رہا ہے اور ان کی مدد سے ضلع بھر کے اہم تجارتی مراکز، مارکیٹوں، تفریحی اور دیگر عوامی مقامات کی نگرانی بھی کی جارہی ہے، وفاقی دارالحکومت میں جدید تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے سمارٹ چیک پوائنٹس لگائے گئے ہیں، شہر بھر میں سیف سٹی کیمروں، سمارٹ کارز کے ذریعے پٹرولنگ کی جارہی ہے، انہوں نے کہا کہ سیف سٹی کی جدید سمارٹ کاروں پر ماہر آپریٹرز تعینات کئے جائیں گے جو وفاقی دارالحکومت میں امن عامہ کے قیام کیلئے ہمہ وقت کوشاں رہیں گے، اس موقع پر سی پی او سیف سٹی/ٹریفک نے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ آپ تمام افسران جانفشانی اور لگن سے کام کریں گے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے، انہوں نے مزید کہا کہ آپ میں سے کوئی بھی افسر اور جوان کسی بھی قسم کی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو انکے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 23

مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں تمام زونل ڈی پی اوز کو سنگین جرائم میں ملوث مجرمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی احکامات جاری کیے گئے ہیں، ان احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ شالیمار پولیس ٹیم نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے کار چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ گاڑی، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن اور گاڑی برآمد کرلی گئی، گرفتار ملزم کی شناخت بلال اقبال کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکی گرفتاری کو یقینی بناتے ہوئے مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار15" یا آئی سی ٹی-15 ایپ پر فوراً اطلاع دیں۔

بقیہ 24

ایڈمنسٹریٹر کے مطابق ایویکیو ٹرسٹ پراپرٹی کی اراضی اور دکانوں پر غیر قانونی قبضہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ آپریشن میں متروکہ وقف املاک کو پولیس اور ایف آئی اے کی معاونت حاصل تھی، یہ آپریشن سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں کیا گیا۔

بقیہ 25

میں پہلے تھا، سلیکشن ہوئی تو ملک کا فائدہ نہیں بلکہ نقصان ہوگا، پیپلز پارٹی الزام تراشی کی سیاست نہیں کرتی، دعا کرتے ہیں اس ملک میں جمہوری طریقے سے وقت پر انتخابات ہو جائیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے خورشید شاہ نے کہ اگر میاں صاحب سیدھے 4 دن جیل میں چلے جاتے تو سیاستدانوں کا قد بڑھ جاتا، عدالت سے ضمانت لینے سے نواز شریف کا قد چھوٹا ہوا ہے، پیپلز پارٹی کا وجود پنجاب سے ہوا ہے، ہم عوام کے سامنے جوابدہ ہیں، یہ تو عوام کو دیکھنا چاہیے کہ ان کے ساتھ ہو کیا رہا ہے۔ غزہ میں جنگ پر حکومتی کردار کے حوالے سے سابق اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ نگران حکومت کو فلسطین کے مسئلے پر آواز بلند کرنی چاہیے۔

بقیہ 26

کی وارادات میں بہارہ کہو پولیس کے پاس جسمانی ریمانڈ پر تھا، ملزم نے بتایا کہ اس کے پیٹ میں شدید درد ہے۔ پولیس ملزم کو لے کر پولی کلینک اسپتال کی جانب لے کر روانہ ہوئی، مری روڈ پر پولیس موبائل کا ٹائر پنکچر ہوا، پولیس ٹائر تبدیل کرنے کے لیے رکی، اس دوران ملزم کے 5 نقاب پوش مسلح ساتھی آئے اور اسلحے کے زور پر ساتھی کو لے گرفرار ہوگئے۔ ایف آئی آر میں مزید کہا گیا ہے کہ ملزم سنگین نوعیت کی متعدد وارداتوں میں ملوث رہا ہے۔

بقیہ 27

موقع پر پہنچ گئی اور زخمی ہونے والوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا جہاں انہیں طبی امداد دی جارہی ہے۔

بقیہ 28

اے کے افسران کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ دوران تفتیش متعلق مزید انکشافات متوقع ہیں۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق مقدمے میں زمینوں کی خریداری کی رقم میں گھپلوں کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ ایف آئی اے کے ترجمان نے بتایا ہے کہ ایف آئی اے نے فراڈ میں ملوث غلام سرور گوندل سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ ملزمان پر درج کیے گئے مقدمے کے متن کے مطابق سی ڈی اے نے 2008ء میں سیکٹر ایچ 16 اور آئی 17 کے لیے اسلام آباد موضع نون میں زمین خریدی، 177 کنال زمین خریداری کے لیے سعد حسن نامی شخص کو 14 کروڑ کی رقم دی گئی، اسی زمین کے لیے 2021ء میں سرور گوندل نے 13 کروڑ سے زائد وصول کر لیے، زمین کی خریداری 9-2008ء میں عمل میں آئی، سی ڈی اے نے فی کنال زمین کا ریٹ 8 لاکھ 30 ہزار روپے مقرر کیا۔ ایف آئی اے کی جانب سے درج مقدمے کے متن کے مطابق سی ڈی اے نے سعد مسعود کا 177 کنال زمین کے عوض 14 کروڑ 73 لاکھ کے کلیم کا تعین کیا، یہ رقم سعد مسعود کو چیکس کے ذریعے ادا کی گئی، 2021ء میں غلام سرور نے اسی زمین پر رقم لے لی۔ ایف آئی اے کے مقدمے کے مطابق غلام سرور نے 13 کروڑ 37 لاکھ روپے سے زائد کی رقم فراڈ اور عملے کی ملی بھگت سے لی۔ ایف آئی اے کے ترجمان نے دعویٰ کیا ہے کہ ملزم نے سی ڈی اے افسران کی مدد سے سیکٹر ایچ 16 اور آئی 17 کے متاثرین کے نام پر رقم لی، ملزم غلام سرور نے سی ڈی اے افسران کی مدد سے 1 ارب روپے کا فراڈ کیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق فراڈ سے متعلق شواہد حاصل کر لیے ہیں جبکہ مزید انکشافات سامنے آئیں گے۔ ایف آئی اے نے گرفتار دوسرے ملزم کا نام جاری نہیں کیا۔

بقیہ 29

سکتا ہے۔ ٹریفک پولیس نے کہا کہ موٹر سائیکل سوار کیلئے ہیلمٹ ضروری ہی نہیں لازمی بھی ہے۔ خیال رہے کہ بنگلا دیش کے خلاف ورلڈ کپ کے میچ میں سری لنکا کے انجیلو میتھیوز ٹائم آؤٹ قرار پائے تھے۔ وہ وکٹ گرنے کے بعد نئے آنے والے بلے باز تھے اور مقررہ وقت سے قبل بیٹنگ کیلئے تیار نہ ہوئے جس پر قانون کے مطابق انہیں بنگلا دیشی کپتان شکیب الحسن کی اپیل پر امپائر نے آؤٹ قرار دیا تھا۔ انجیلو میتھیوز بنگلا دیشی کو کپتان کو یہ سمجھاتے رہے کہ انکا ہیلمٹ ٹوٹ گیا تھا، جس کے باعث انہیں کیریز پر کھڑے ہوکر ہی دوسرا ہیلمٹ منگوانا پڑا۔

بقیہ 30

جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران آٹھ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، تھانہ مار گلہ پولیس ٹیم نے ملزم محمد فیاض کو گرفتار کر کے 115 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس ٹیم نے تین ملزمان محمد نصیر، شاہ محمود اور عارف خان کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے 25 گرام ویڈ اور دو عدد نائن ایم ایم پستول برآمد کرلیے، تھانہ ترنول پولیس ٹیم نے تین ملزمان محمد شفیق، احمد گل اور خالد خان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1605 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ شمس کالونی پولیس ٹیم نے دو ملزمان خرم مسعود اور محمد سعید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 2735 گرام ہیروئن اور ہزار روپے والے نوعدد جعلی کرنسی نوٹ برآمد کرلیے، تھانہ بھلگراں پولیس ٹیم نے دو ملزمان زبیر احمد اور عبدالشکور کو گرفتار کر کے 368 گرام ہیروئن اور 10 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیم نے دو ملزمان علی احتشام اور محمد یاسین کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب اور 685 گرام ہیروئن برآمد کرلی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران آٹھ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" یا آئی سی ٹی 15 ایپ پر فوراً اطلاع دیں۔

بقیہ 31

کا نقصان ہو رہا تھا۔ ایف آئی اے کا بتانا ہے کہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں، ملکی خزانے کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 32

سے سیکیورٹی صورتحال مسائل اور کارکردگی پر بات چیت کی اور جوانوں کو دوران ڈیوٹی روڈ پر مسافروں سے خوش اخلاقی سے پیش آنے اور مسافروں کو مدد فراہم کرنے کی تلقین کی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت جاری کیں ڈی ایس پی ملک امین نے پٹرولنگ چوکی کی بلڈنگ فرنیچر ریکارڈ اور رجسٹر کا مکمل جائزہ لیا انہوں نے ڈیوٹی افیسر روم کچن، واش روم کو بھی چیک کیا بعد ازاں پٹرولنگ چوکی میں پودا لگایا ڈی ایس پی ملک امین نے سکول کے بچوں کو پٹرولنگ پولیس پوسٹ پڑوپیاں کا وزٹ کروایا اور انہیں پٹرولنگ پولیس کی ذمہ داریوں کے متعلق بریف کیا ڈی ایس پی نے بچوں کے ساتھ گپ شپ کی اور والی بال کھیلا سکول کے بچے پٹرولنگ پولیس کے جوانوں اور ڈی ایس پی کے ساتھ خوب لطف اندوز ہوئے ڈی ایس پی ملک امین نے بچوں کی پرزور فرمائش پر انہیں اپنی پولیس کی گاڑیوں میں بٹھا کر رخصت کیا میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی ایس پی ملک محمد امین کا کہنا تھا کہ پٹرولنگ پوسٹوں پر اب خواتین پر تشدد کی رپورٹ ایف آئی آر کی کاپی حاصل کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ بہت جلد ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا عمل بھی شروع ہوجائے گا انہوں نے کہا کہ پٹرولنگ پوسٹوں کی وجہ سے روڈ ڈکیتیوں میں بہت زیادہ کمی آئی ہے انہوں نے کہا کہ روڈ پر کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں 1124 پر فوری کال کریں ہماری ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ جائے گی۔

بقیہ 33

کے لئے معاون بنانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے سیکنڈ بیچ کا اختتام ہوا، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے 19 طلباء و طالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے گئے، انٹرن شپ پروگرام کے تحت طلباء و طالبات کو پولیس اسٹیشن ورکنگ، پولیس خدمت مرکز، فرنٹ ڈیسک، مختلف پولیس ایپس، ٹریفک پولیس، قانونی اور عدالتی کارروائی کے بارے میں آگاہی دی گئی، طلباء و طالبات کو سپیشل ایشیو پولیس اسٹیشن، پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز، کمانڈ اینڈ کنٹرول روم، ٹریفک ہیڈکوارٹرز، پولیس خدمت مرکز لیاقت باغ اور لیگل برانچ کا دورہ کروایا گیا تا کہ وہ عملی طور پر پولیسنگ سے آگاہی حاصل کر سکیں، انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیسنگ سے آگاہی اور اس میں بہتری کے لئے نوجوانوں کو ساتھ لے کر چلنا ہے، انٹرن شپ پروگرام سے طلباء و طالبات اور نوجوانوں کے تعاون اور مشاورت سے کیمونٹی پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی، نوجوان نسل پولیس ورکنگ اور سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، انٹرن شپ پروگرام کا مقصد شہریوں خصوصاً نوجوان طلباء و طالبات کو موثر پولیسنگ، جرائم کی روک تھام، تعلیمی اداروں میں منشیات کے تدارک اور دیگر معاشرتی مسائل کے حل اور کیمونٹی پولیسنگ کے لئے معاون بنانا ہے، فرینڈز آف پولیس معاشرہ کی بہتری، جرائم کی نشاندہی اور تدارک میں بطور ذمہ دار شہری بہتر طور پر کردار ادا کر سکتے ہیں، انٹرن شپ پروگرام کے اختتام پر ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے طلباء و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔

بقیہ 34

نقل 44 بور معہ روند برآمد، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے، ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کی خلاف آپریشن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔ دریں اثناء پولیس نے پولیس کی اہم کارروائی کرتے ہوئے شہری سے زیادتی کرنے والا والے ملزم کو حراست میں لے لیا۔ ملزم کی شناخت محمد دلاور کے نام سے ہوئی ہے، متاثرہ شخص نے الزام لگایا کہ ملزم مجھے جھاڑیوں میں لے گیا جہاں میرے ساتھ بدفعلی کی اور ساتھ ویڈیو بھی بنائی جس پر مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی۔ ادھر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن بھی جاری ہے جس کے دوران تین منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ملزمان میں 02 منشیات فروش ملزمان شجر عباس اور قمر زمان شامل ہیں، ملزم شجر عباس سے 01 کلو 400 گرام چرس اور ملزم قمر زمان سے 550 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ دینہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد نوشروان کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 1200 گرام چرس برآمد کر لی گئی، جبکہ ڈومیلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر ملزم محمد سلمان کو گرفتار کیا، ملزم سے 04 پی شراب برآمد کرلی گئی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے۔

بقیہ 35

جی ایچ کیو حملہ کیس، ٹیکسلا، واہ کینٹ اور صدر کینٹ میں ضمانت قبل از گرفتاری کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ شیخ رشید کے خلاف سیاسی انتقام ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا، شیخ رشید اور راشد شفیق کے نام ان گنت مقدمات میں ڈال دیئے گئے ہیں، ہر روز نئے مقدمے کی خبر ملتی ہے۔ جس پر جج ملک اعجاز آصف نے کہا کہ شیخ صاحب لگتا ہے آپ کا چلہ الٹا بڑھ گیا ہے، جس پر شیخ رشید نے کہا کہ میرے خلاف سابقہ کوئی مقدمہ نہیں، تمام مقدمات چلے کے بعد کے ہیں۔ وکیل سردار عبدالرازق نے عدالت کو بتایا کہ آئی جی پنجاب ہائیکورٹ میں لکھ کر دے چکے ہیں کہ شیخ رشید کے خلاف پنجاب میں کوئی مقدمہ نہیں، اب 9 مئی کے مقدموں میں تمہ بیانات کے ذریعے ملوث کیا جارہا ہے۔ عدالت نے شیخ رشید اور شیخ راشد شفیق کی عبوری ضمانت 18 نومبر تک منظور کرلی، شیخ رشید اور راشد شفیق کی مزید چار مقدمات میں عبوری ضمانتیں ذاتی مچلکوں پر منظور کرلی گئیں جبکہ عدالت نے تمام درخواستیں یکجا کردیں۔

بقیہ 36

کا افتتاح کرتے ہوئے کہی، اے سی چوآ سیدن شاہ اور ہسپتال کے ایم ایس بھی افتتاح کے موقع پر موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے افتتاح کے بعد نئے ایمرجنسی بلاک کا معائنہ کیا، اس موقع پر MS نے انہیں ایمرجنسی ہیلتھ کیئر کی سہولیات کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا، ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ نئے بلاک کی بدولت ایمرجنسی ہیلتھ کیئر کے اعتبار سے سروس ڈیلیوری کو مطلوبہ انداز میں موثر بنایا جائے، انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ کو بھی ہدایت کی کہ ہسپتال میں ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی کو جانچنے کیلئے اچانک انسپکشن کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

بقیہ 37

فنون، دستکاری، ثقافت، لوک موسیقی اور راویتی مہارتوں کو فروغ دینا کے ساتھ ساتھ محفوظ بنانا ہے۔ ماہر کاریگر ختم ہوتی دستکاریوں کے امین ہیں، جن کا ایک جگہ اکٹھے ہونا خوش آئندہ ہے۔ مستقبل میں اس طرح کے میلے ملک کے دوسرے صوبوں میں بھی منعقد ہونے چاہیے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ پنجاب میں دستکاریاں باقاعدہ صنعت کا درجہ اختیار رکھتی ہیں۔ صوبے بھر سے دستکاروں کو قومی سطح پر پیش کرنا بلاشبہ پنجاب آرٹس کونسل کا ایک کارنامہ ہے۔ پنجاب پویلین میں صوبے کے ہر حصے سے دستکاروں کو مدعو کیا گیا ہے، تاکہ پورے صوبے کی نمائندگی ہو سکے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر آرٹس کونسل محمد سلیمان کا کہنا تھا کہ پنجاب پویلین میں صبح سے لیکر رات تک دستکاریوں کے ساتھ ساتھ فوک موسیقی کا تڑکا شائقین کو خوب محظوظ کر رہا ہے کھابوں کے اسٹالز پر ساگ روٹی اور لسی سے غیر ملکی مہمانوں کی تواضع کی جاتی ہے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل نے ملائیشین وفد کو بدھا کی تصویر بھی پیش کی۔ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ ریلیف عوام تک منتقل کرنے میں رکاوٹ بننے والے عناصر اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائی کی ضرورت ہے۔

بقیہ 38

کے فیصلوں کو اپنا شعار بنائیں، قائد وبانی شہید محمد سلیم قادریؒ کے سیاسی نظریات پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کریں گے، اندرونی و بیرونی سازشوں کا ڈٹ کا مقابلہ کیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک راولپنڈی کے سینئر رہنماؤں انجینئر انجم الثاقب، ڈاکٹر طیب رضا اور علامہ قاسم محمود موہڑوی نے ادارہ فیضان رسالتؐ میں شیخ الحدیث مفتی قاضی سعید الرحمٰن قادری اور ناظم اعلیٰ ادارہ تعلیم الاسلام علامہ عبداللطیف قادری و دیگر سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، پاکستان سنی تحریک راولپنڈی کے رہنماؤں نے جید علماء کرام کی جانب سے نو منتخب سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرنے پر انکا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ علماء کرام کی سرپرستی و رہنمائی ہی نظریاتی اساس کے تحفظ کی ضامن ہے، سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی کی قیادت میں تحفظ ناموس رسالتؐ، تحفظ عقیدہ ختم نبوت اور تحفظ نظریہ پاکستان کا مشن جاری رہے گا، ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کیلئے نظام مصطفیٰؐ کا نفاذ ناگزیر ہو چکا ہے، تحفظ ناموس رسالتؐ کی شرعی، آئینی و قانونی جدوجہد سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے، دریں اثناء جمعہ المبارک کے موقع پر اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان سنی تحریک کے رہنماؤں علامہ عطاء الرحمٰن دھنیال، علامہ ڈاکٹر محمد طیب رضا قادری، علامہ قاسم محمود موہڑوی، علامہ ریاض الرحمٰن صدیقی، قاری اعجاز احمد قادری، علامہ پیر محمد رضا رضوی، علامہ اشتیاق احمد قادری، علامہ حافظ محمد حارث و دیگر مقررین کا کہنا تھا کہ فلسطین میں انسانیت کے قتل عام کی انتہا ہو چکی ہے، مسلم حکمران خاموش تماشائی بننے کی بجائے متحد ہوکر اسرائیل کیخلاف جہاد کا اعلان کریں، فوری طور او آئی سی کا سربراہی اجلاس بلایا جائے اور اس اجلاس میں حماس کی لیڈرشپ کو بھی بلایا جائے، بین الاقوامی سطح پر فلسطین فنڈ قائم کیا جائے، اسرائیل کی مصنوعات اور اس کو سپورٹ کرنے والی عالمی کمپنیوں کا بائیکاٹ کا اعلان کیا جائے، فلسطینیوں کی امداد کے لیے آگے بڑھ کر تعاون کیا جائے، غزا کے محصور اور مظلوم فلسطینیوں کے لئے خوراک اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنائی جائے، پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلم ممالک اسرائیلی و امریکی مصنوعات کا بائیکاٹ کریں اور عوام کو ترغیب دیں کہ وہ ان ممالک کی مصنوعات نہ خریدیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
11 نومبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 11 نومبر 2023، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، تماسمہ آباد، باغ سرداراں، سوشل سیکورٹی، راجہ آباد، انڈسٹریل، ڈھوک حسو، پیرودھائی فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، نیو کلیام، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب-I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، کوہالہ، مورت فیڈرز چکوال سرکل، کلر کہار، میانی، خیرپور، بحرپور، مدینہ ٹاؤن، مورت، مین بازار فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، شکرپڑیاں، پی ٹی ڈی، پولی کلینک / G-6/3، سٹیٹ بینک، اسلام آباد کلب۔ I، کوہسار مارکیٹ، این پی سی سی، میلوڈی، سپورٹس کمپلیکس، کنونشن سنٹر، سی ڈی اے پمپ، پی او ایف- 1&2، سولر- 1&2، اٹک کینٹ، اکھوڑی، آرٹلری سینٹر، پی ایم کالونی، کچہری، پران، شمس آباد، کوہار، چھپران فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 39

کے 132 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا، مہم میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جاکر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے اندراج کو یقینی بنارہی ہیں، تاکہ شہر میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جاسکے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جاکر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جاکر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنارہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ بہارہ کہو کے علاقے میں 402 گھروں کے 132 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جاسکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جاسکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شرپسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہوکر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 40

نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کی جانب سیون ونڈو پلیٹ فارم اور تیز رفتار رجسٹریشن کے عمل کی پیشکش نے غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے پاکستان میں کاروبار کرنا آسان بنا دیا ہے۔ سفیر پاکستان نے کہا کہ سرمایہ کار مکمل اعتماد کے ساتھ سرمایہ کاری کریں اور پاکستان میں مختلف شعبوں میں موجود مواقعوں سے استفادہ حاصل کریں۔ سفیر پاکستان مسعود خان نے ان خیالات کا اظہار پاکستان امریکن چیمبر آف کامرس، گیوینیٹ چیمبر آف کامرس جارجیا اور پاکستان چیمبر آف کامرس، یو ایس اے کے اراکین سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں امیزنگ انرجی سلوشنز کے سی ای او مسٹر سلمان اجانی، گیوینیٹ چیمبر آف کامرس جارجیا کی محترمہ انارا بابوانی، پاکستان چیمبر آف کامرس یو ایس اے کے صدر مسٹر عامر پرانی سمیت وقار خان، چیئر، او پی ٹی وی گلوبل، جناب فواد اسماعیل، صدر بینکرز ایسوسی ایشن اور احمد چنائے، ڈائریکٹر پاکستان اسٹاک ایکسچینج، کراچی نے شرکت کی۔ ملاقات میں پاکستان کے قونصل جنرلز اور چاروں قونصل خانوں کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ یہ پہلی دفعہ ہوا ہے کہ امریکہ میں تمام چیمبرز آف کامرس پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں۔ امریکہ بھر سے کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے سفیر پاکستان نے کاروباری عمل میں آسانیاں پیدا کرنے کے حوالے سے حکومت پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے پاکستانی نژاد امریکیوں پر زور دیا کہ وہ اپنی مہارت کو مدنظر رکھتے ہوئے متعلقہ شعبہ جات میں سرمایہ کاری کریں۔ مسعود خان نے کہا کہ سرمایہ کار پاکستان میں اپنی سرمایہ کاری کو وسعت دیں اور پاکستانی کاروباری افق پر سرکردہ کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی امریکی پہلے ہی مختلف شعبوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ آپ بھی اپنا نام بنائیں اور اپنا مقام حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی امریکی کیمونٹی مہمان نوازی، ہیلتھ ٹیک، ڈائیگنا سیکس اور فن ٹیک جیسے شعبوں میں سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئیں جدت کی اس لہر کو مزید جلا بخشیں کریں اور اپنے مادر وطن کو کامیابیوں کی جانب گامزن کریں۔ مسعود خان نے کہا کہ امریکی پاکستان میں بہترین سرمایہ کاری کر رہے ہیں اور مہمان نوازی سے لے کر ہیلتھ ٹیک، ڈائیگنوسٹکس اور فن ٹیک تک، ترقی کی منازل طے کرنے کے شاندار مواقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئیں جذبے سے کام کریں اپنے پیارے ملک کو مزید کامیابی کی طرف لے جائیں۔

بقیہ 41

ایمونیشن، جاتلی پولیس نے ملزم اخلاق سے 01 رائفل 12 بور، روات پولیس نے ملزم علی شیر سے 01 پستول 9MM معہ ایمونیشن، کلرسیداں پولیس نے ملزم ذیشان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم کامران سے 10 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم مقصود سے 09 لیٹر شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 42

برادری کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ سموگ سے نمٹنا ایک قومی ذمہ داری ہے اور ہم نے لاہور اور اپنے شہروں کو رہنے کے قابل بنانا ہے۔ اس ضمن میں حکومتی اقدامات کا ساتھ پورے معاشرے کو دینا ہوگا، تبھی ہم اس آفت سے نبرد آزما ہوسکیں گے۔

بقیہ 43

چرس، ملزم موٹس سے 01 کلو 515 گرام چرس، گوجرخان پولیس نے ملزم فاروق سے 01 کلو 300 گرام چرس، بنی پولیس نے ملزم بلال سے 01 کلو 260 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم بلاول سے 01 کلو 150 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے کاشف سے 520 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 44

، 04 ہزار روپے اور 02 موبائل فون برآمد کئے، رتہ امرال پولیس نے ذکی گینگ کے 03 ملزمان ذاکر، وسیم اور جواد سے چوری شدہ 04 موٹر سائیکل برآمد کئے، صدر بیرونی پولیس نے ملزم نایاب سے چوری شدہ 05 موٹر سائیکل برآمد کیے، متحرک گینگز کی گرفتاری پر ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے ٹیکسلا، رتہ امرال اور صدر بیرونی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، موٹر سائیکل چوری کی روک تھام کے حوالے سے موثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 45

مقامی مارکی میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے عہدیداران سے ملاقات کرتے ہوئے کہی۔ صدر چیمبر آف کامرس ڈاکٹر خرم طارق اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ نگران صوبائی وزیر صنعت و تجارت نے کہا کہ سموگ پر قابو پانے کے لئے مشترکہ اقدامات ہونے چاہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ اقدامات کئے جارہے ہیں کیونکہ انڈسٹری چلے گی تو روزگار کے مواقع اور پنجاب سمیت ملک معاشی طور پر مضبوط ہوگا۔ انہوں نے تاجروں کے مسائل سنتے ہوئے صوبائی اور مقامی مسائل کے حل کے لئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ صدر چیمبر آف کامرس نے انڈسٹری سے متعلقہ امور سے آگاہ کیا اور کہا کہ سموگ کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے نگران حکومت جامع اقدامات کر رہی ہے۔ جس کی کامیابی کے لئے چیمبر آف کامرس سمیت تاجر تنظیمیں اپنا تعاون جاری رکھیں گی۔

بقیہ 46

مستقبل ہیں، ان پر جتنے ریسورسز استعمال کئے جائیں گے وہ کل کو انہیں ایک سودمند ورک فورس میں ڈھالیں گے۔

بقیہ 47

مطابق غیر ملکی 14683 خاندانوں میں 55394 مرد، 42921 خواتین اور 98098 بچے براستہ طورخم واپس افغانستان بھیجے گئے، مجموعی طور پر 1 لاکھ 97 ہزار 652 غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کو افغانستان بھیجا جاچکا ہے۔

بقیہ 48

خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ نون پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے شہریوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹنے والے منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار مجرمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی تین لاکھ روپے برآمد کرلی گئی، گرفتار مجرمان کی شناخت فضل حسین اور موسیٰ خان کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار مجرمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا آئی سی ٹی ایپ پر فوراً اطلاع کریں۔

بقیہ 49

لیٹی تشکیل دے کر الیکشن کا اعلان کردیا جس سے نالاں تاجران نے اپنی رابطہ مہم شروع کردی۔ جن کا موقف ہے کہ مرکزی انجمن تاجران شہر و ضلع اپنے معززین پر مشتمل کمیٹی بنائے جواز سرنو تنظیم سازی کے لئے ڈور ٹو ڈور دوکاندران سے ان کے انکم ٹیکس گوشوارہ اور وزٹنگ کارڈز اکٹھے کر کے کاروبار کرنے والے حقیقی تاجران کو رجسٹرڈ کر کے ان کی تنظیموں کے جمہوری الیکشن کروا کر منتخب صدور اور جنرل سیکرٹریز پر ووٹران میں الیکشن کروائے۔ گزشتہ روز سرگودھا چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ساجد حسین تارڑ نے اپنی سربراہی میں تشکیل کردہ دس رکنی کمیٹی کا اجلاس منعقد کیا۔ جس میں دونوں گروپوں پر اتحاد کے مراحل کو مکمل کرنے کے بارے مذید تجویز سامنے آنے پر مشاورت کیلئے مذید کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر موجود چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ساجد حسین تارڑ، سابق صدر مرزا فضل الرحمٰن اور میڈیا کوآرڈینیٹر محمد تہور بلال اصغر کا کہنا تھا کہ تاجروں کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کیلئے سرگودھا چیمبر آف کامرس ہر سطح پر موجود ہوگا۔

بقیہ 50

کے ساؤتھ وزیرستان کا رہائشی ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ اے این ایف نے سمبڑیال میں دوران کارروائی وزیرآباد کے رہائشی موٹر سائیکل سوار سے دو کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔

بقیہ 51

اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے شہریوں کے لیے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے گائیڈ لائنز جاری کر دیں، ماہ اکتوبر اور نومبر میں 4510 شہری ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لئے ٹریفک قوانین سے آگاہی اور ڈرائیونگ کی مہارت کا ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لیے امیدوار کے شناختی کارڈ پر اسلام آباد کا پتہ ہونا ضروری ہے، جن کے شناختی کارڈ پر اسلام آباد کا پتہ درج ہو وہ اپنی شناختی کارڈ کی دو کاپیوں کے ہمراہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس ٹریفک آفس تشریف لائیں

عوام ڈی پی او چکوال کے احکامات کی منتظر

سابق ایس ایچ او تھانہ چوآ سیدن شاہ کے تبادلے کے بعد عوامی شکایات کے انبار۔عوامی حلقے

چوآ سیدن شاہ میں اوباش بدمعاش قسم کے لڑکے بے لگام۔طالبات کا سکول کالجز تک جانا اجیرن

چکوال (خاور شہزاد) کے سکول وینز اور رکشہ ڈرائیور حضرات نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ سکول کالج ٹائم چاہے صبح کا ٹائم یا چھٹی کا ٹائم اوباش لڑکے بے لگام ہو چکے ہیں۔ باعزت گھرانوں کی طالبات کو جب سکول یا کالجز میں ڈراپ کرنے جا رہے ہوتے ہیں سکول وین اور رکشوں کے پیچھے ویلنگ کرنا آوازیں کسنا ان اوباش لڑکوں کا معمول بن گیا۔کے دفعہ نوبت گالی گلوچ تک پہنچ جاتی ہے منع کرنے پر ان بدتمیزوں کیطرف سے ایک ہی جواب ملتا کیا روڈ تمہارے باپ کا ہے جو مرضی کم کریں۔ سوائے ایک معقول جواب دینے کے ہم اور کچھ نہیں کر سکتے کہ روڈ تو ہمارے باپ کا نہیں لیکن یہ بچیاں جو ہم سکول کالجز تک پک اینڈ ڈراپ کرتے ہیں یہ ایک (بقیہ نمبر 18)

پی آئی اے کی موجودہ صورتحال ایک دن میں پیدا نہیں ہوئی، مرتضیٰ سولنگی

ملازمین کی زیادہ تعداد اور بھرتیوں کا معاملہ بھی صرف کسی ایک حکومت سے متعلق نہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات و پالیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے سینٹ کو بتایا ہے کہ پی آئی اے کی موجودہ صورتحال ایک دن میں پیدا نہیں ہوئی، قومی فضائی کمپنی کی نجکاری بھی نجکاری کی فہرست میں شامل ہے۔ جمعہ کو سینٹ میں پی آئی اے کی صورتحال سے متعلق سینٹر کامران مرتضیٰ کے توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب (بقیہ نمبر 20)

RIDAY, NOVEMBER 10, 2023, NATIONAL PRESS CLUB, ISLAMABAD

اسلام آباد، نگران وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مرتضیٰ سولنگی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد کیپٹل پولیس سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کا ایک اور اہم اقدام

جدید کیمرہ جات سے لیس سمارٹ کاروں کو ضلع بھر میں موثر گشت کرنے کیلئے مکمل طور پر فعال کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر نے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے جدید کیمرہ جات سے لیس سمارٹ کاروں کو ضلع بھر میں موثر گشت کرنے کیلئے مکمل طور پر فعال کر دیا،سی پی او سیف سٹی/ٹریفک نے ان(بقیہ نمبر 22)

سلام آباد، تھانہ شالیمار پولیس کی کارروائی

گاڑی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ شالیمار پولیس نے گاڑی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے اہم رکن کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ گاڑی، وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن اور گاڑی برآمد، ملزم کیخلاف مقدمہ درج، (بقیہ نمبر 23)

دوسو چھیاسی کلوگرام سے زائد منشیات برآمد کر کے نو ملزمان کو گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف ملک کے مختلف شہروں میں کارروائیاں کرتے ہوئے دوسو چھیاسی کلوگرام سے زائد منشیات برآمد کر کے نو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ترجمان اے این ایف کے مطابق سنگجانی ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب ٹریلر سے 22 کلو800 گرام چرس اور 9 کلو 600 گرام افیون برآمد کر کے نوشہرہ کے رہائشی 2 ملزمان گرفتار کر لیے (بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی میں کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ انسانی اسمگلر ظہیر کو گرفتار کر

راولپنڈی (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل نے راولپنڈی میں کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ انسانی اسمگلر ظہیر کو گرفتار کرلیا۔ایف آئی اے کے مطابق ملزم ظہیر نے متعدد متاثرین سے بیرون ملک ملازمت کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے بٹورے، ملزم نے جاپان (بقیہ نمبر 21)

کہوٹہ میں آپریشن،2 کنال سے زائد کمرشل اراضی واگزار

کہوٹہ (این این آئی) متروکہ وقف املاک بورڈ راولپنڈی نے کہوٹہ میں آپریشن کر کے 2 کنال سے زائد کمرشل اراضی واگزار کرا لی۔ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر آصف خان کے مطابق واگزار کرائی گئی اراضی کی قیمت 35 کروڑ ہے۔انہوں نے بتایا کہ کارروائی کے دوران ایویکیوٹرسٹ پراپرٹی کی 51 کمرشل دکانیں قبضے میں لی گئی ہیں۔ڈپٹی(بقیہ نمبر 24)

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی خصالہ خورد اڈیالہ چینج کے مقام پر راولپنڈی رنگ روڈ پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ لے رہے ہیں

انتخابات پنکچر کئے گئے تو بڑا نقصان ہو گا خورشید شاہ

اتحاد نہیں کرینگے

عوام کے ووٹ پر ڈاکہ ڈالنے کیلئے سب کچھ پلان ہو رہا ہے، لیول پلیئنگ فیلڈ کیسے ہو سکتی ہے جب ایک پارٹی کے لوگ حکومت میں بیٹھے ہیں

غزہ میں جنگ پر حکومتی کردار کے حوالے سے سابق اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ نگران حکومت کو فلسطین کے مسئلے پر آواز بلند کرنی چاہیے

لاہور (اے ایف بی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر خورشید شاہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اتحاد نہیں کرے گی، ہمارا گھوڑا اکیلا ہے۔ انتخابات پنکچر کیے گئے تو بڑا نقصان ہوگا، عوام کے ووٹ پر ڈاکہ ڈالنے کیلئے سب کچھ پلان ہو رہا ہے، لیول پلیئنگ فیلڈ کیسے ہو سکتی ہے جب ایک پارٹی کے لوگ حکومت میں بیٹھے ہیں۔ وزیر اعظم ہاس آج بھی ان کے ہاتھ میں ہے جن کے ہاتھ(بقیہ نمبر 25)

گرجا روڈ پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں کا انکشاف

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے عمارتوں کو سر بمہر کرنا شروع کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) گرجا روڈ پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں کا انکشاف ہوا ہے ،راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے عمارتوں کو سر بمہر کرنا شروع کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آپریشن آرڈی اے کے بلڈنگ کنٹرول ونگ کی جانب سے کیا گیا، دوران آپریشن پچاس سے زائد عمارتوں کو سر بمہر کر دیا گیا۔اسسٹنٹ ڈائریکٹر عثمان باجوہ کے مطابق آپریشن ڈائریکٹر جنرل آرڈی اے ایف انور چہ کی ہدایت کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔اے ڈی آرڈی اے کے مطابق مزکورہ املاک کے مالکان نے عمارتوں کی کمرشلائزیشن فیس جمع نہیں کرائی۔

فراڈ میں ملوث سی ڈی اے افسران سمیت 2 ملزمان گرفتار

ایک زمین کی دوبارادائیگی اور سی ڈی اے میں زمین متاثرین کے نام پر کروڑوں روپے کے فراڈ کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) اسلام آباد زون نے بڑی کارروائی کے دوران اربوں روپوں کے فراڈ میں ملوث سی ڈی اے افسران سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ایک زمین کی دوبار ادائیگی اور سی ڈی اے میں زمین متاثرین کے نام پر کروڑوں روپے کے فراڈ کا انکشاف ہوا ہے۔ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق ایک ملزم نے سی ڈی اے افسران کی ملی بھگت سے 1 ارب روپے کا فراڈ کیا، ملزم سادہ لوح سی ڈی اے متاثرین کی رقوم سی ڈی اے افسران کی مدد سے ہڑپ کرتا رہا، ملزم سمیت سی ڈی (بقیہ نمبر 28)

بہارہ کہو پولیس کو ڈاکوؤں نے یرغمال بنا کر ساتھی چھڑوالیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے علاقے بہارہ کہو پولیس کو ڈاکوؤں نے یرغمال بنا کر ساتھی چھڑوالیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس نے اپنی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کیخلاف درج کر لیا، ایف آئی آر کے مطابق ملزم ڈکیتی (بقیہ نمبر 26)

ٹرک اور ایمبولینس کے درمیان تصادم ،ماں اور 2 بیٹیوں سمیت 5افراد زخمی

پاکپتن (آئی آئی پی) پاکپتن میں ٹرک اور ایمبولینس کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ماں اور 2 بیٹیوں سمیت 5افراد زخمی ہو گئے۔ٹریفک کا افسوسناک حادثہ پاکپتن کے علاقے عارفوالہ روڈ پر پیش آیا جہاں ایمبولینس مخالف سمت سے آنے والے ٹرک سے ٹکرا گئی۔حادثے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیم(بقیہ نمبر 27)

MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY

سرمایہ کاری کا سنہری موقع

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے پراجیکٹ

ملٹی ریذیڈینشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

میں 5 کنال فارم ہاؤس پلاٹس کی محدود بکنگ جاری ہے

Sr. No.	DESCRIPTION	AMOUNT
1	Cost of Plot	Rs. 19,500,000/-
2	Membership Fee/Share Money	Rs. 20,000/-
3	Total Cost of Plot	Rs. 19,520,000/-
4	Down Payment	Rs. 5,020,000/-
5	Quarterly Installment	Rs. 875,000/-

GET 20% DISCOUNT ON LUMPSUMP PAYMENT

Payment will be received in shape of Pay Order/Demand Draft in favour of
MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY - NTN # 2140070-9
Govt. Tax of 3% Filer & 10.5% for Non-Filer respectively would be applicable.

DEEN ASSOCIATES
Authorized Sales Partner - MPCHS

Office # 17, First Floor, Allahdaad Plaza G-8 Markaz, Islamabad.
Ph: 051-2340061 | www.thedeenassociates.com
Mob: 0333-5758882 - Ali Raza

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کو راولپنڈی رنگ روڈ پراجیکٹ پر پیشرفت بارے بریفنگ دی جا رہی ہے

راولپنڈی ٹریفک پولیس کا آگاہی مہم کیلئے میتھیوز کی تصویر کا استعمال

راولپنڈی ٹریفک پولیس نے سری لنکا کے بیٹر اینجیلو میتھیوز کی ٹوٹے ہیلمٹ والی تصویر شیئر کی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی سٹی ٹریفک پولیس نے حفاظتی اقدامات سے متعلق آگاہی مہم میں کرکٹ کا سہارا لے لیا۔راولپنڈی ٹریفک پولیس نے سری لنکا کے بیٹر اینجیلو میتھیوز کی ٹوٹے ہیلمٹ والی تصویر شیئر کی۔تصویر کے ساتھ اپنے پیغام میں راولپنڈی ٹریفک پولیس نے لکھا کہ افسوس مگر ایک معیاری ہیلمٹ آپکو ٹائم آؤٹ ہونے سے بچا (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری

مختلف علاقوں سے آٹھ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے آٹھ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات، جعلی کرنسی اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش (بقیہ نمبر30)

راولپنڈی، راجہ بازار میں ہفتہ وار بازار سے شہری خریداری کر رہے ہیں

گیس چوری میں ملوث ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) ایف آئی اے نے اسلام آباد کی بڑی کارروائی کرتے ہوئے گیس چوری میں ملوث ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق ملزم غلام مصطفیٰ کو اسلام آباد کے علاقے سواں سے گرفتار کیا گیا، ایف آئی اے کے مطابق ملزم سوئی ناردرن گیس پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کے ملازمین کی ملی بھگت سے گیس چوری میں ملوث تھا، گیس چوری سے قومی خزانے کو لاکھوں (بقیہ نمبر 31)

ملک امین نے پٹرولنگ پولیس پوسٹ پل پڑوپیاں کا دورہ کیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈی ایس پی پٹرولنگ فیصل آباد ملک امین نے سکیورٹی چیکنگ اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے پٹرولنگ پولیس پوسٹ پڑوپیاں کا وزٹ کیا پٹرولنگ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے ڈی ایس پی کو سلامی دی جبکہ چوکی انچارج میاں مجاہد نے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا ڈی ایس پی پٹرولنگ فیصل آباد ملک امین نے چوکی انچارج میاں مجاہد اور پی ایچ پی کے جوانوں (بقیہ نمبر 32)

فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے سیکنڈ بیچ کا اختتام

انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے 19 طلباء و طالبات نے شرکت کی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس لائینز ہیڈکوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے سیکنڈ بیچ کا اختتام ہوگیا، انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے 19 طلباء وطالبات نے شرکت کی، دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے گئے، انٹرن شپ پروگرام کا مقصد شہریوں خصوصاً نوجوان طلباء وطالبات کو موثر پولیسنگ ، جرائم کی روک تھام، تعلیمی اداروں میں منشیات کے تدارک اور دیگر معاشرتی مسائل کے حل اور کیمونٹی پولیسنگ (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد میں منعقدہ ثقافتی میلے میں خواتین اپنے سٹال پر کھڑی ہیں

شہری سے زیادتی کرنیوالے ملزم کو پولیس نے پکڑ لیا

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاون میں تین منشیات فروش گرفتار

جہلم (این این آئی) جہلم ، پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف کریک ڈاون کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ شہری سے زیادتی کرنیوالے ملزم کو پولیس نے حراست میں لے لیا، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاون میں تین منشیات فروش گرفتار کر لئے گئے۔تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزم زین العابدین کو گرفتار کرلیا، ملزم سے پسٹل 30 بور معہ روند برآمد، جبکہ ڈومیلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم حمزہ علی کو گرفتار کر لیا، ملزم سے را(بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی پولیس سرچ آپریشن میں مصروف ہے

9 مئی واقعات: شیخ رشید 13 مقدمات میں ملزم نامزد

شیخ رشید کے خلاف سیاسی انتقام ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا، وکیل

راولپنڈی (اے ایف پی) انسداد دہشتگردی راولپنڈی عدالت نے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کو 9 مئی کے 13 مقدمات میں ملزم نامزد کر دیا۔انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی میں سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کی 9 مئی کے واقعات میں درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، شیخ رشید اور راشد شفیق، سردار عبدالرازق خان ایڈووکیٹ کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔وکیل سردار عبدالرازق نے تھانہ آر اے بازار، (بقیہ نمبر 35)

ملائیشین وفد کا لوک میلہ میں پنجاب پویلین کا دورہ

ڈائریکٹر آرٹس کونسل وفد کو پنجاب پویلین میں لگے اسٹالز اور دستکاروں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی

راولپنڈی (این این آئی) ملائیشین وفد کا ڈاکٹر اجلال حسین شاہ کی زیر قیادت لوک میلے میں پنجاب پویلین کا دورہ کیا۔وفد کا استقبال ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد نے کیا۔ڈائریکٹر آرٹس کونسل وفد کو پنجاب پویلین میں لگے اسٹالز اور دستکاروں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔وقار احمد کا اس موقع پر کہنا تھا کہ لوک میلے کا مقصد صوبے کے(بقیہ نمبر 37)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

THQ ہسپتال چوآ سیدن شاہ کے نئے ایمرجنسی بلاک کا افتتاح

نئے بلاک کی بدولت ایمرجنسی ہیلتھ کیئر کے اعتبار سے سروس ڈیلیوری کو مطلوبہ انداز میں موثر بنایا جائے

ہسپتال میں ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی کو جانچنے کیلئے اچانک انسپکشن کا سلسلہ جاری رکھا جائے، ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک

چکوال (خاور شہزاد) ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کے فروغ صحت عامہ پروگرام کے تحت THQ تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال چوآ سیدن شاہ میں نیا ایمرجنسی بلاک قائم کر دیا گیا ہے جس کی بدولت ایمرجنسی ہیلتھ کیئر کی سہولیات میں مزید بہتری اور معیار میں اضافہ ہوگا، انہوں نے یہ بات جمعہ کے روز دورہ چوآ سیدن شاہ کے موقع پر THQ ہسپتال کے نئے ایمرجنسی بلاک(بقیہ نمبر 36)

کرپشن اور پاکستان کسی صورت ایک ساتھ نہیں چل سکتے، پاکستان سنی تحریک راولپنڈی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان سنی تحریک ضلع راولپنڈی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کرپشن اور پاکستان کسی صورت ایک ساتھ نہیں چل سکتے، پاکستان کے مستقبل کا فیصلہ مفادات نہیں نظریات کے تناظر میں کرنا ہوگا، قوم بیدار اور باشعور ہو چکی ہے، سازش سازش کا شور مچانے والے کرپٹ مافیا کو بھاگنے نہیں دیں گے، حکمران، عدلیہ اور سیاستدان نبی کریمؐ اور خلفائے راشدین (بقیہ نمبر 38)

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں،09 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیوں کے دوران نو ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے ملزم نعمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن ، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم شاہد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن ، مورگاہ پولیس نے ملزم زہدان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن ، ٹیکسلا پولیس نے ملزم شہزاد سے 01 کلاشنکوف معہ(بقیہ نمبر 41)

NEW EMERGENCY BLOCK

ڈپٹی کمشنر چکوال قراۃ العین ٹی ایچ کیو ہسپتال تحصیل چوآ سیدن شاہ میں نیا ایمرجنسی بلاک کا افتتاح کر رہی ہیں

ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے ”ناک دی ڈور“ مہم کا سلسلہ جاری

تھانہ بہارہ کہو کی حدود میں 402 گھروں کے 132 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کرلیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات پر گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ بہارہ کہو کی حدود میں 402 گھروں (بقیہ نمبر 39)

سرمایہ کار مکمل اعتماد کے ساتھ سرمایہ کاری کریں، سفیر پاکستان

پاکستان آئی ٹی، زراعت، معدنیات، اور توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے تیار ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل ملک میں سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول کو فروغ دے کر سرمایہ کاری کے ایک تخلیقی منظر نامے کی تشکیل کر رہی ہے۔سفیر پاکستان (بقیہ نمبر 40)

وزیر اعلیٰ کا دکانیں زبردستی بند کرانے کا سخت نوٹس

دکانیں بند کرانے کا کوئی حکم نامہ جاری نہیں کیا گیا، سموگ کی وجہ سے صرف ہفتے کے روز (11 نومبر) کو دکانیں اور مارکیٹیں بند رکھنے کا فیصلہ کیا

لاہور (آئی آئی پی) وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے بعض علاقوں میں مارکیٹیں اور دکانوں زبردستی بند کرانے کے واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی جانب سے آج 10 نومبر کو مارکیٹیں اور دکانیں بند کرانے کا کوئی حکم نامہ جاری نہیں کیا گیا۔وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ سموگ کی وجہ سے صرف ہفتے کے روز(11) نومبر(کو دکانیں اور مارکیٹیں بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بارش اور حکومت پنجاب کے اقدامات کے باعث آج سموگ میں نمایاں کمی آئی ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ میں ذاتی طور پر اور پنجاب حکومت کی جانب سے تعاون پر تاجر(بقیہ نمبر 42)

منشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری

چھ ملزمان گرفتار، سات کلو سے زائد چرس برآمد، الگ الگ مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران 06 ملزمان گرفتار کر کے 07 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے ملزم قاسم سے 01 کلو 540 گرام(بقیہ نمبر 43)

موٹر سائیکل لفٹرز کے خلاف کریک ڈاؤن، چھ ملزمان گرفتار

چوری شدہ 14 موٹر سائیکل ،04ہزار روپے اور 02 موبائل فون برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کا موٹر سائیکل لفٹرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے ،02 گینگز کے 05 ملزمان سمیت 06 ملزمان گرفتار کر لیا گیا، چوری شدہ 14 موٹر سائیکل ،04ہزار روپے اور 02 موبائل فون برآمد۔تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے حمزہ گینگ کے 02 ملزمان حمزہ اور یسین سے چوری شدہ 05 موٹرسائیکل(بقیہ نمبر 44)

پنجاب میں سموگ کی روک تھام کیلئے ایمرجنسی نافذ ہے، وزیر صنعت وتجارت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں سموگ کی روک تھام کے لئے ایمرجنسی نافذ کی گئی ہے اور ہائی رسک اضلاع پر بھرپور فوکس ہے۔انہوں نے کہا کہ بروقت انسدادی اقدامات سے حوصلہ افزاء نتائج حاصل ہونیکی توقع ہے تاہم تاجر برداری کی حکومت پنجاب کے اقدامات میں معاونت ناگزیر ہے۔انہوں نے یہ بات دورہ فیصل آباد کے دوران (بقیہ نمبر 45)

ڈپٹی کمشنر اٹک سویٹ ہوم کا دورہ، یتیم بچوں کے ساتھ چائے پی اور دلجوئی بھی کی

اٹک (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اٹک رانا عاطف رضا نے اٹک میں قائم پاکستان بیت المال کے زیر انتظام چلنے والے سویٹ ہوم کا دورہ کیا۔اپنے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اٹک نے یتیم بچوں کے ساتھ چائے پی اور ان کی دلجوئی بھی کی۔ڈپٹی کمشنر نے سویٹ ہوم کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔اس موقع ڈپٹی کمشنر اٹک راناعاطف رضا نے کہا یہ بچے ہمارا روشن (بقیہ نمبر 46)

Hijra Festival
TRANSGENDER
10 Nov 2023

کراچی آرٹس کونسل آف پاکستان میں ہیجڑہ فیسٹیول میں خواجہ سرا فلسطینی سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

طورخم بارڈر سے واپس جانیوالے غیر قانونی تارکین وطن کی رپورٹ جاری

غیر ملکی 14683 خاندانوں میں 55394 مرد، 42921 خواتین اور 98098 بچے براستہ طورخم واپس افغانستان بھیجے گئے

مجموعی طور پر 1لاکھ 97ہزار 652 غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کو افغانستان بھیجا جا چکا ہے، محکمہ داخلہ کی رپورٹ

پشاور (اے ایف بی) حکومت کی جانب سے ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی رضا کارانہ واپسی و جلاوطنی کا سلسلہ جاری ہے۔محکمہ داخلہ کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ روز براستہ طورخم بارڈر 3035 غیر ملکیوں نے انخلا کیا، ان 654 خاندان میں 785 مرد، 747 خواتین ور 1468 بچے شامل ہیں۔ملک کے مختلف علاقوں سے اب تک 1239 افراد کو طورخم بارڈر سے بھیجا گیا جن میں 287 پنجاب، 81 اسلام آباد، 24 آزاد کشمیر اور 846 افراد خیبر پختونخوا سے تھے۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ مجموعی طور پر طورخم بارڈر سے 1 لاکھ 96 ہزار 413 افراد اور براستہ انگور اڈہ بارڈر 3056 غیر ملکیوں کو افغانستان بھیجا گیا ہے۔محکمہ داخلہ کے (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ نون پولیس کی کارروائی

شہریوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹنے والے منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ نون پولیس نے شہریوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹنے والے منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار مجرمان کے قبضہ سے شہریوں سے چھینی گئی نقدی برآمد، مجرمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے (بقیہ نمبر 48)

EDHI AMBULANCE
EDHI

کراچی ملیر جیل سے رہائی پانے والی ماہی گیروں کو لاہور ریلوے اسٹیشن سے ایدھی ایمبولینس میں واہگہ بارڈر لے جایا جا رہا ہے

شہریوں کیلئے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے گائیڈ لائنز جاری

ٹریفک قوانین سے آگاہی اور ڈرائیونگ کی مہارت کا ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے شہریوں کے لیے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے گائیڈ لائنز جاری کر دیں، ماہ اکتوبر اور نومبر میں 4510 افراد ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لئے ٹریفک قوانین سے آگاہی اور ڈرائیونگ کی مہارت کا ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہے، شہری لائسنس حاصل کرنے کے لئے مکمل تیاری کے ساتھ تشریف لائیں۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر (بقیہ نمبر 51)

سرگودھا، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دونوں دھڑوں نے الیکشن کا اعلان کر دیا، رابطہ مہم شروع

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے اپنی قوت بڑھانے کے لئے مرکزی انجمن تاجران کو اپنے زیر اثر رکھنے کے لئے دونوں دھڑوں پر مشتمل دس رکنی کمیٹی بنا کر الیکشن کا اعلان کر دیا۔جس سے نالاں تاجران نے اپنی رابطہ مہم شروع کر دی۔ذرائع کے مطابق سرگودھا چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے اپنی قوت میں اضافہ کے لئے مرکزی انجمن تاجران کو زیر اثر رکھنے کے لئے اپنی سربراہی میں قائم دونوں تاجران دھڑوں کے ممبران پر مشتمل دس رکنی (بقیہ نمبر 49)

چوبیس کلو سے زائد منشیات برآمد، تین ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اینٹی نارکوٹیکس فورس نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف چار کارروائیوں کے دوران چوبیس کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ترجمان اے این ایف کے مطابق جی ٹی روڈ اٹک کے قریب رکشہ میں چھپائی گئی دس کلو چرس اور پانچ سو سے زائد گرام ہیروئن برآمد کر کی گئی، ملزم گرفتار کر لیا گیا۔شکر گڑھ، نارووال میں گھر میں چھاپے کے دوران ساڑھے سات گرام ہیروئن برآمد کرلی، میانوالی میں کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل میں چھپائی گئی ساڑھے تین کلو گرام چرس برآمد کر(بقیہ نمبر 50)